نہو کسی سی جو کار محال تو نی کیا

مرتبہ افتادگی سی اپنا برتر ہو گیا
ابر نیسان سی گرا جو قطرہ گوہر ہو گیا

خاک سی مین زیر خاک اکر برابر ہو گیا
سیر البشر تھی وہ اب مین سکا بستر ہو گیا

اوسکو خط اپنا ہوائے شوق مین پر ہو گیا
رفتہ رفتہ نامہ بر اپنا کبوتر ہو گیا

مارنے پتھر سے اپنی سر کو صندل ہی لگا
آہ اپنا درد سر درد سر زبان ہوا

گھر ہوا ویران جب اپنا گھر ہوا ویرانہ مین
مین تو صحرا مین صحرا مین گھر مہمان ہوا

شعر سنکر جسکو دیوانہ کہا کرتے ہتی آپ
اب وہی ہے صبر دیکھو صاحب دیوان ہوا

چشم یار مین جو شخص اہل آبرو ہو گا
مثل مردم دیدہ سرمہ در گلو ہو گا

گردہ تشنہ خون کا ہی یہ پیاسا پانی کا
ایکدن تیرا خنجر اور میرا گلو ہو گا

ہو رہیگا کوئی بیصبر آج قتل وہان بیشک
تو نہو گا مین ہونگا مین نہونگا تو ہو گا

عیان جب اپنا فروغ جمال تو نی کیا
تمام کر دیا مہ کو کمال تو نی کیا

نقاب دیکھکے مجھکو بپا ذقن تک کھینچ
گھٹا کی بدر کو کافر ہلال تو نی کیا

ہوا خوشی بہی مین تیری سبب تصور یار
شب فراق کو روز وصال تو نی کیا

جو وعدہ خواب مین انکا ہی تھا خواب گمان
مگر رقیب مجھے بہی خیال تو نی کیا

دیگر

خال رخ اوسکا یہ نجوم کا اختر ہو گیا
نقطہ واحد تھا کثرت کی دفتر ہو گیا

یہان تلک اب مین مریض عشق لاغر ہو گیا
اپنا تن بستر پہ عکس تار بستر ہو گیا

نیکی نیکان ہی کا ہی بد کی انتقام
داغ خون اپنا تیری خنجر کلیجہ ہو گیا

نہین معلوم کسنے بدگمان مجھسے کیا اوسکو ۔ بلاتا تھا مجھی آتا تھا اکثر میری گہر بیٹھے
اگر سیمین بدن تجہ بزم مین جاے ساقی تو ۔ مثال غنچہ دربانون کو دیے ہین زر بیٹھے
کر دیا برہم خیال زلف نے نقشہ میرا ۔ یارو اب کس پیچ سی اوسکو جمایا چاہیے
خاک ڈالون ہون مین بہجت تنا ہے کر ۔ مجھکو طفل نے کہا ہان ستانا چاہیے

دیگر

ای تیز زبان نہین دیتا ہے یہ بول بڑا ۔ دی خدا نے ہے زبان منہ کے تو اندر چھوٹے

بہجت تخلص لکہن لال اور حال معلوم نہین اور نہ کوی کلام اونکا ملا۔

بہرت تخلص لالہ بہرت لال ساکن متہرا۔

اگر یاد خدا مین صرف اپنی وقت کو کرتا ۔ زمانہ مین بہرت لال اپنا حاصل مدعا کرتا

بیتاب تخلص لالہ شنکر لعل ولد ایسری پرشاد قوم کایتہ بہٹناگر سکنہ سکندرآباد ضلع بلند شہر جو ایک معقول خوش فکر اور باوضع شخص شاعران اجمیر سے ہین اور مدت سے شعر کہتے ہین پہلے محکمہ منصفی اجمیر کے سررشتہ دار تہے بعدہ پولس مین کچہ عرصہ تک ملازم رہے اب وکالت کرتے ہین اور اونکی چہوٹے بہائی منشی اجودھیا پرشاد جو نامی تعلیم یافتگان اسکول اجمیر سے ہین عہدہ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر سے مشرف ہوگا

اپنا شیدا تو ہی خود حور شمایل ہوگا ۔ آئینہ جب تری چہرہ کے مقابل ہوگا
جو نظر تجہسے چرای حور شمایل ہوگا ۔ دو قدم اوسکو اوٹھانا کئی منزل ہوگا
نشتر نوک مژہ سی اسی کہنا مخفوظ ۔ آبلہ جسکو سمجہتے ہو میرا دل ہوگا
حسرتین دل مین بہری ہین تیر بیمار بہار ۔ سنگدل تختہ تابوت مرا سل ہوگا
بند محرم کے جو دن رات کسی سے ہین ۔ بند آہین کیسے عاشق کا مگر دل ہوگا
ہم کہے دیتے ہین بیتاب تو رکہہ یاد ۔ عشق کرکے بجز افسوس نہ حاصل ہوگا

خمسہ غزل خواجہ وزیر

اوسکی گیسو سے تعلق تہا ہمارا شغلہ دلکا ۔ تماشا دلکو بہاتا تہا ہمیشہ مرغ بسملکا
مژہ کا عشق جیتے جی تہا ایک تیر شمایلکا ۔ نشانہ بعد مردن بہی رہا مین تیر قاتل کا
بنایا کرتے ہین ناوک فگن تودہ میرے دل کا

محبت ہے جو پوچہو تو دوستی عالمین سے بہتر ۔ ملے باہم رہی طرفین تجہ ہر بات مین برتر
اکسے نے سچ کہا بجتی ہی دونو ہاتہ سے تالی ۔ ادہر سر مین نے تو اقعع کی ادہر تعظیم دینے کے
جہکائی مین نے جب گردن تو اوٹہا ہاتہ قاتل کا

بیتاب تخلص سوک رام باقی حال معلوم نہین یہ دو شعر اونکی دستیاب ہوئے تہے سو لکہے گئے۔

محبت کی ہی کچہ ہوتے ہین کیا ہم ای ستمگر ۔ کہ خوبان ہوں ہمیں کہہ دین ہم اونکو مضطر
اودہر نازکہ کیا اودہر وہ مضطرب ہو کر چلا آیا ۔ عجب دن تہے کہ جن دنون کہی تہین ہم اثر

بیتاب تخلص کشن نراین قوم کہتری سکنہ بنارس جو راجہ نیپال کے کسی عزیز کی سرکار مین ملازم صاحب اعتبار رہتے ہے۔

بکہری بالو نہین ہے یون ناہی یہ پہان بکہ ۔ جیسے لب مین ہو نقشہ کرنگ شب تاب کا
پتلیان آنکہونکی جالیف ہین بحر اشک ۔ مردم آبی کو کچہ خطرہ نہین سیلاب کا

بیجان تخلص شیو سنگہ دہلی مین ایک رسال تہے اور شعر گوئی کا قریہ ہی ڈالتے تہے یہہ شعر اون کا ہے

آسمان گر نہ گرینگے ٹوٹ کی ٹکڑی ہوکر ۔ عجب کیبن آہ ہمارے مین اثر ہو دیگا

بیخود تخلص نراین داس تلامذہ میر درد سے ایک صاحب سفنحہ پرداز تہے اور یہ شعر اون کا ہے۔

می گلگون کو چشم کم سے تو مت دیکہہ ای زاہد ۔ بنایا ہے یہ اعجاز مغان نے آب آتش کا

تیرا ثانی نہیں کوئی جہان میں تجہسے کیا نسبت	پریکو حور کو غلمانکو مہ کو مہر تابان کو
جو تونے پہر مرا بلوا کبہیجا ہی یہ مژدہ ہو	خسک کو خار کو اور کوہ کو دشت بیابانکو
ہوا ہوں ابتو میں عاشق تیرا چہوڑ کر بہجت	پیمبر کو خدا کو دین کو ایمان کو قرآنکو
اوٹہایا عشق سا بار گران کو	عجب ہمت ہی جسم ناتوان کو
تلاش دلمیں جاتا ہے یہ ای چشم	نزدیک اس قاصد اشک روانکو

جو بولا وصل کی شب ایکی پہر جیتا نچہوڑونگا	موذن کو جرس زنکو اور اوس مرغ سحر خوانکو
یہی ہم عشقبازونکی ہی دولت لیچلی آخر	قلق کو یاس کو افسوس کو حسرتکو ارمان کو

دیگر

جو دیکہا زلف سی گلشن معطر	اٹہولا گل نے اپنے عطر دان کو

بیٹہی ہیں ہان در پہ بتونکے ہم اور دل دیوانے دو
کوئی خدا لگتی نہیں — کہتا ان کو اندر آنے دو
نو کر عشق کے دور ہوئی سب آتے ہیں پروانے دو
وہ مست ازل سے تہا پہر اوسکو ملی میخانے دو
پوچہو جاکر مہر اور مہ سے ہیں یہ شخص پرانے دو
کب چہوٹے ہے بہجت یہہ نادان ہے وہ ہیں ستانے دو

رخ پر اوسکی دونون طرف سے خط جو آیا کہتے ہیں
انکہون کی جانب جو گیا دل اب کیا اوٹہا پہرتا ہے -
مجنون تہا پہلے اب میں ہون نامی اس جنگل میں یارو
کاکل کے مشکین پہندونسے اور پیچون سے گیسو کے

چشم تر لب پر فغان آہ دل مگر کوئی	عشق ہے پردہ نشینونکا خبر کوئی نہو
ہے مجازی عشق میں جان و دل و دین کا خطر	بہجت ایسے راہ چل جسمین خطر کوئی نہو
نام پوچہا میرا غیرونسے جو اسنے ناز سے	ناتوانی سی مری شکل نہ پہچانی ہو
ماہر و عرش پر ہیں پر نہ سمجہہ یارونکو	ہمہ تن چشم ہے گردون تیرے نظارونکو
دیکہی کسپہ کرے لشکر مژگان شبخون	رات دن رہتا ہی پابند موی ہتیارونکو
نام اوسکا گہنہ آمرز ساہی بہجت	کیون نہو چشم کرم ہمسے گنہگارونکو
دکہی وہ شوخ اگر بادہ احمر ہمکو	پر نہو آرزوی ساغر کوثر ہمکو
تیغ قاتل نے کیا دم میں سبکدوش ہمیں	ورنہ تہا بار گران تن یہ تیرا پر ہمکو
خون رگ رگ سے روان ہے جو غم مژگان سے	اوسکی نزدیک ہوی کیا کبہین نشتر ہمکو
ہجر میں شعلہ رخون کے کہون کیا میں بخدا	گل و مل دونو ہوئی صورت اخگر ہمکو

دیگر

پہیلا ہے پانون میں میری نہنگ رواں آب	رکہیو نہ دستو میری اس چشم تر پہ ہاتہہ
اوسکی کوچہ میں سر پڑا ہے یہ	غصبابہ کا نان مزا ہے یہہ
ہو گیا تصویر سا حیران مگر بہزاد ہے	ماہ رو کی کہینچ کر تصویر لینے ہاتہہ سے
جان آتی ہے لبون پر شاید	اب جو یہہ دیدہ تر ٹہیرا ہے

دیگر

کسب کر علم و ہنر کا تاکہ ہو عزت تیری	خوار رہتا ہے سدا جسمین ہنر کوئی نہو
ایک طوفان بپا ہوئی جہان میں اشک	بحر اشک اپنا یہ جب بر سر طغیانی ہو
علم ہو خلق و مروت ہو حیا اور کرم	اوسکو انسان نکہیں جسمین نہ انسانی ہو
دلربائی میں نظر شوخ کی کیا عاقل ہے	دیتے ہیں کام یہی الرتع میں ہتیارونکو
اور ہیں مصحف رویون کے خریدار نہیں	کوئی یار دل عشاق کے بیمارونکو

دیگر

کہولدے نقطہ موہوم دہان کا مضمون	کوئی ملتا نہیں اب تو سخنور ہمکو
اوسکے کوچہ میں پڑے رہتے ہیں دن رات مدام	کبہی دیکہے سے لگا جاوے وہ ٹہوکر ہمکو
ہم کہان دام کہان اور کہان کنج قفس	کہینچ اس قید میں لایا ہے مقدر ہمکو
اسقدر ضعف سے لاغر ہیں ہوا ہون بہجت	پہرتا ہے آبلہ پا لئے سر پر ہمکو
ایا نہ ہاتہہ کچہ مری نادم ہو بہت	ڈالا جو شب کو مینے کسیکی کمر پہ ہاتہہ
یک گہٹا دلپہ چہا گئے غمکے	تیری بدلی ہوی نظر کو دیکہہ
شاید آویگا دل ہی پیچہے سے	قافلہ اشک کا چلا ہے یہہ
دل سے کہدو کہ جو چلتا ہے تو چل	ساتہ اشکونکے سفر ٹہیرا ہے
محبت میں تو نکی ماہی جانکا خطرا ہے پہلے	رکہیں ہیں پانوں ہم اس میں قلم کیطرح سر پہلے

عشق بتان مین ضایع ہوئی طفلی سے ہائے
انکو نے جکو پالتی تھی کس جتن سے ہم

زہر ہے اگرچہ مثل نبات
تیری ہر بات ناصحا شیرین

ملازم عشق کی موقوف بالکل
کہلا اوس شوخ کی خط سے یہ مضمون

لخت دل اشک کے دریا مین مرے
مثل سرخاب بہا کرتے ہین

دختر تاک کو مت تاک بہت
اس ہی سو فتنہ اوٹہا کرتے ہین

مثال ماہ کی کیونکر نہ غم گھٹا ہی مجھے
ہمیشہ ہم تری بد نظر کو دیکھتے ہین

حلقہ در گوش چاند تارے ہین
دلربا کیا ہے گوشوارے ہین

ہم تو اس گک زیست سی کہ اپنے
یک مصیبت مین آہ بیاری ہین

ایک پردہ نشین کا ہون طالب
دل ہی مین اضطراب کرتا ہون

پہنکے دو پہول جو نرگس کی سر نظر اوسنے
ایسا ہوا مین گویا اندہی پائین انکھین

دیگر

باندہی رہی ہی ظلم پہ وہ تند خو کمر
ہے یہ غلط کہین ہین کہ اوسکی کمر نہین

کیا کہین شیفتہ ہین پردہ نشینونکی ہم
کون دولت مین ہے جز نام کسیکا لیکر

دل تو ست جائیو ہرگز صف مژگان کی طرف
یعنی ہر دم لئے رہتا ہے یہ لشکر تلوار

ستمگروں سے بڑا ہے معاملہ اپنا تو
یقین ہمکو ہے اوسکی کرے صفائی تیغ

رات نہ آئی سی تیرے بزم کلعال کیا کہون
اوپر سے پڑی تہی صبح تک جام و سبو الگ

ہے زنگ نہ دلبے ہے فریاد و چشم تر
پردہ نشین ہے عشق کو کیونکر چھپائی دل

ہم ازل سے طالب دیدار بہجت مین ہین مبتلا
کسطرح ہوئے نہ یاد دیکھی بت گوکہ کل

مارہی ڈالا تہا گو چشم فسونگر نے ہمین
پر اوسی وقت جلایا لب اعجاز نے ہمین

آنا ہی جسکے ہی وہ رشک قمر چمن مین
ڈالی ہے چاک ہر گل غیرت سے پیرہن مین

چشم و لب کے شیفتہ جب سے ہوئی ہم ہین
پڑی ہین یک خرابی مین جیسے مین نہ مئے ہین

ہرگز اوس دختر زر کو منہ نہ لگا
مجھکو رسوا کرے گی ڈرتا ہون

رکہون ہین انکہو نمین اوس کی اشک اگر دیکھے تے
صنم کے دل کے کدورت اگر بہادی تو

چھپاؤن کیونکر اوس پردہ نشین کی عشق پنہان کو
غضب مین ہون مین اس سے دے اب کس کسکو دون جانکو

مین ہون بیمار اوس شکر لب کا
دیجیو تان مجھے دوا شیرین

گھر ہی خراب لگادی جو کوئی نہ اوسکو
کہڑی ہی دختر زر بی حجاب بوتل مین

ہم بتون سے ہی ملا کرتے ہین
سیر دیدار خدا کرتے ہین

اشک تہمتی نہین یار ورشک
ہیت اسیطرح کیا کرتے ہین

کام ہے نند لپر سے بہجت
اور مخلوق کو کیا کرتے ہین

تجھے ہی خواب مین دیکھین ہین آنکہ بند کئے
گلون کا چاک گریبان سحر کو دیکھتے ہین

ہے یہ طفلانہ بازی لب و چشم
دس چلائی تو بیس ہاری ہین

آج بزم شراب کرتا ہون
شوخ کو بیحجاب کرتا ہون

شوخ چشمونسے جو نرگس نے ملائین آنکھین
عمر بہر پشت قدم سی نہ اوٹہائین آنکھین

یہہ ستارے نہین عرش مین ہزارون بہجت
دید کو اوسکی فلک نے ہین بنائین آنکھین

ہے قتل عام کوچہ مین اوس فتنہ گر کے آج
کوئی تڑپ رہا ہے کسی تن پہ سر نہین

بندہ ہین بت کی پیر مغان کے مرید ہم
مذہب ہمارا عشق ہی لیکن کچھ خبر نہین

دوش پر رکھکر چلا کرتا ہی اب تلوار
ہیکو دل ہے مری کہین نہ کری گہر تلوار

کیا خوشنما ہی بابونین سر کے ہرا ہرا
دیکھا نہ ہمنے ایسا کوئی ملک رنگ سبز

کسنے کیا ہی بدگمان تجھکو مری طرف سے آگ
مجھسے رہی ہی آجکل شوخ جو تو الگ الگ

اس فصل گل مین کیا مین کہون ناصحا ہی دل
دست جنون سے چاک ہے سارے قبائی دل

دیکھ گلشن مین عجز ترو پیچ اونکا کل کے کل
صاف نکلے ایکدم مین طرہ سنبل کہیل

دیگر

صف مژگان سے جو ہم ربط بہت رکہتے ہین
آگے پامال کیا بس اوسی لشکر نے ہمین

تہی سر نگون اہی حباب اوٹہ گیا پردہ
رو رہا تہا ہچکیان لے شیشہ ہی انجمن مین

پہلا کیونکر کہو تیرا ہی اپنا کوئی جانا ہے
ہر رنگ نامہ ہر جانب سے پر دسکی کرتے ہین

اوس لب و چشم کے تصور مین
آہ جیتا ہون مین نہ مرتا ہون

کسی پہ لطف کسیکو صنم ستادی تو
ہنسا دی لوہے رنگو یعنی مجھی رولا دی تو

فغان کو سوز دل کو رنگ رخ کو چشم گریان کو
نگہہ کو ناز کو ابرو کو لب کو رخ کو مژگان کو

لاکہہ آوین گو مجھے کچھ نہین حاصل واللہ / ہی بس یہ بڑی کفایت فقط آنا تیرا

گیا اوٹھ کے جو بزم سے رات صنم / گر اشیشہ ہی جام گرا نہ رہا

سنگدون سے گلیمن گیا سو پہر نہ پہرا / عدم کو جو کہ روانہ ہوا سو پہر نہ پہرا

گیا فلک سے بہہ اوپر یقین یہہ ہوتا ہے / دہوان جو آہ کا میرے اوٹھا سو پہر نہ پہرا

مین نے اوس شوخ کو بیرہم کیا کچہ بولکے خوب / گالیان دینی لگا مجھکو وہ دل کھولکے خوب

وجد مین چرخ لگی کہانی سب اہل مجلس / شیخ جی مطرب سے ترانہ کبھی سنڈولکے خوب

شہر خاموشان کو جانا ہی جو آخر کار جب / رہتا ہون اسواسطی مین صورت دیوار جب

حق کہا منصور نے تو یہی چڑہا یا دار پر / اسلئے رہتے ہین آدم واقف اسرار جب

خامشی مین جو مزا ہی وہ نہین بکبک مین ننگ / ہے بجا رہتی مین بیحبت مردم ہشیار جب

گر ملا دے کوی اوس کان ملاحت سے مجھے / بخشدون لاہور کا ملک اوسکو مین بہمت

گل جو کہا کہا کے مرگیا ہون مین / گرد مدفن ہین خار دار درخت

دیگر

جاگی نہین ہو رآنکو جاکر میان کہین / سوتے ہو پہر دوپٹی کو کیون تا بآج

بیحبت تو بت پرست ہی مدت سے شیخ جی / سنتا ہی کب تمہاری نصیحت جناب آج

خجل ہی گرچہ گہر لعل سے ہو حیران / چاکی پان کئے اوسنے جب دندان آج

جو سرخ پوشون نے مجلس کری ہے اہی بیحبت / تا تو سرخ ردی کو کرتا تمام سامان سرخ

دیگر

ستم ہے دیکھو تو کیا کیا ہی ہمکو حرص وہوا / جہان مین ایسے بیحبت حباب کے مانند

پالنا سانپ کا نہین اچھا / دلمین اوس زلف کا مقام نکر

حشر برپا ہوا اخرام نکر / ڈر خدا سے تو قتل عام نکر

سبز رنگون کا حسن ہے مرغوب / ترک دل سی خیال شام نکر

ناہ تہوڑا تہوڑا ہو کر گھٹ گیا غیرت سے آہ / اوس سی ہی پیکر کا وہ دی درخشان دیکھکر

تیر سینہ سے گزرتا تہا دل غمناک نے / پر یخچو زادامن اوسکا تازہ مہمان دیکھکر

دیگر

نظارہ کے حسرت نہی داغون سے مجکو / ہے کون بہلا میرے سوا ماتمن چشم

دیکھہ اعجاز مسیحا بہی ہوا ہی حیران / چشم نبی مارنا اور لب سے جلانا تیرا

لگی رونے صراحی ہوا یہہ ستم / وہ سمان نہ رہا وہ مزا نہ رہا

مقابل اوسکی نہین شہسوار دنیا مین / سواری اوسکی مین گہوڑا پہرا سو پہر نہ پہرا

عزیز رکہتے ہین مہمان کو قدیم سے ہم / جو تیر سینہ مین میرے گیا سو پہر نہ پہرا

کب مقابل دروندان سے تیری ہو دینگے / گرچہ دریا نے نکالی ہین گہر دہو کے خوب

کیا کیا مین کہ ادا نیا ادسکی بیان کرون / دیتا ہے میر بات کا سیدہا نہین جواب

یہہ شب ہجران نہین ہے روز محشر سے بہی کم / جپ بی ذن جپ بس مرغ سحر گفتار جب

بت پرستی مذہب اپنا ہی خدا کیو اسطے / وعظ ہمسے عبث کرتا ہی تو تکرار جب

دیگر

کیا کریمانہ عادت وخو ہے / سبکو دیتی مین برگ وبار درخت

مدت سی ہو گیا ہے وہ پامال لیلان / بیحبت تو دلکا ڈہونڈہتے ہے نام ونشان عبث

پہر پہر اوگیا مجھے کوہ وبیابانون مین / سیری لونون کا یہہ تلوانہ کہجاتا ہے عبث

نبے کرتا ہون مین تو بزم شراب وکباب آج / مطلب یہ ہی کہ اوسکو کرون بیحجاب آج

روان ہین اشک جو اپنی بہ رنگ مرجان سرخ / عجب نہین ہے کہ اوٹہی جہان مین طوفان سرخ

فلک ہے دائی آنکہون سی اشک گلگون آج / ہوئے ہے خون سے کسکی یہ کوی جابان سرخ

مکان سرخ ہوا اور سرخ فرش قالین ہی / پیالہ سرخ ہوئی سرخ نقل ہین پان سرخ

بنا ہے جب سے قفس اپنا آشیان صیاد / ہوئی ہے ایک سے فصل گل وخزان صیاد

دیگر

طرف کا کل جو جاہے ہی اے دل / دور ہے عزم ملک شام نکر

ہوگا اندہیر خلق مین واللہ / زلف مت کہول رخ پہ شام نکر

ہو گیا سنبل پریشان زلف پیچان دیکھکر / رنگیا نرگس ہی حیران چشم فتان دیکھکر

میکدہ مین چل رہا تہا جام حق ہاہی ہوتے / محتسب شل ہی گیا شب بزم رندان دیکھکر

اوٹہہ گیا آخر کو ناامید ہو کر کے مسیح / لا دوا بیحبت بیمار در پنہان دیکھکر

گل کہلا کے ہوا مین گل خندان ہمسن چشم / جس طرح کہ ہو سر دچراغان ہمسن چشم

رہتے ہین تنگ شوخ کی فکر دہن سے ہم / ہوتی نہین ہین عہدہ برا اس سخن سے ہم

چل دئی ہوش و حواس اور طاقت و صبر و قرار — سا تہہ دل لگی کیا کہوں یک قافلہ جا بلد رہا
دیکھے چلنے میں ابھی جان تو فنی ہی سب کیا کروں — قافلہ اشکوں کا دل سے راہبر جاتا رہا
آہ کیا امید غیر از سے ہو مجھکو چھوڑ کر — جبکہ طفل اشک سا لخت جگر جاتا رہا

دیگر

گھیرے رہی ہیں سب مجھے خوابیں سے آہ — سودا ہے جب سے زلف سیاہ نگار کا
معکوس پڑا جام تھا گریان تھی صراحی — محفل میں جو شبگو وہ دلارام آیا
چشم تر تونی مجھے تو خوب ہی سو کھایا — عشق میں کہتا تھا ایک پردہ نشین کا نکیا

دیگر

برق ناظر سی تیری کوچہ میں جسن رستا تھا — کوئی تو مر گیا تھا کوئی تڑپ رہا تھا
حیف یہہ جوش جنون دشت کا خواہاں ہے — ہاتھہ میں اپنی سدا صحرا کا داماں سے رہا
کب ہوئی تقصیر بہت پر ثبوت اٹھی گمان — واقعی باد دیر رقیبوں کا تو بہتان رہا
تیری بیمار کا بینک سے ستارا اولٹا — دیکھکر جسکو پہر آیا وہ مسیحا اولٹا
ہمنے دیکھا نہ کبھی اپنا نصیبا سیدھا — نرد بازی میں سے پر تار رہا پاسا اولٹا
کیا نقطہ موہوم ہے یا اوسکا دہان ہے — افسوس کہ حل ہمسے یہ عقدہ نہیں ہوتا
تنگ ہے دست جنون سے گریبان میرا — چاک کے پانو سی پامال ہے داماں میرا
ایک طرف ان او دہاتے میں نہیں کٹتی ہیں — طفل اشک نکلی پہ اپنی تو مچلتے ہیں سدا
اوسکی دانتوں کا جو رہتا ہے تصور بہت — ہم گہر مثل صدف منہ سی اوگلتے ہیں سدا
گریبان ہے ہاتھ میں اور دل پہ ابر پہٹک گیا — برسات میں بہار تو گھر بار پہٹک گیا
وصف کسکی قد رعنا کا یہ ابتدا ہوا — اپنا جو عالی تلاش ہے تو سخن بالا ہوا
طرہ پیچاں کا کسکے ہی تصور رات دن — جو سخن لب سے نکلتا ہے پیچ اولجھا ہوا
ایک آہو چشم کا جو ہمکو سودا ہو گیا — جب سے یہہ زنجیر پا داماں صحرا ہو گیا
گرچہ چشم مست نے تیری کیا تہا مجکو قتل — خندہ لب لیکن اعجاز مسیحا ہو گیا
دیکھکر تیری ترقی حسن کی اے سیمبر — گھٹتے گھٹتے ماہ کامل اتو آدھا ہو گیا

دیگر

کوئی دشت جنون کی بعد میرے — خاک اوڑاتا نظر نہیں آتا

کوئی قاتل میں جو بہت بجھکر جاتا رہا — آخرش مثل قلم دہان اوسکا سر جاتا رہا
آج کل ہی کسقدر یار و جہاں زر عزیز — گل نے پہاڑا پیرہن جو مشت زر جاتا رہا
سر جدا میرا جو قاتل نے کیا اچھا ہوا — بار تہا تن پہ میرے بہت اگر جاتا رہا
توبہ شکن سے ابکی تو موسم بہار کا — شیشہ لئے ہے سرو لب جویبار کا
طفیل اہل گلشن ہند میں پیدا ہوئے صلح — خدا جانے تجھے کیوں قصد ہے مجھسے لڑائی کا

دیگر

کون سرو خرامان اس چمن سے اوٹھ گیا — غم میں جسکی ہر گل اپنا پیرہن پہاڑ گیا
زیر فلک جو شبکو اک ابر سا اوٹھا تہا — دود سیاہ یاروا اپنی ہی آہ کا تہا
شعلہ خون نے بہت پہا تنگ مجھے جلا — آخر کو بعد مردن بہی آگ میں گیا تہا
بزم میں تیری نہ آئی سی کہوں کیا شمع و — ہچکیاں لیلے کی ہیں اٹ گریاں سے رہا

دیگر

شاید آیا ہی لب بام وہ رشک یوسف — دیکھنے کو جسے سارا ہے زمانا اولٹا
یہہ دیدہ تر اپنا جو بہتا نہیں ہوتا — ہاں راز محبت کبھی افشا نہیں ہوتا

دیگر

یہہ شرر آہ میری سینہ سے نکلتے ہیں سدا — ہیں شہپر طایر افلاک کے جلتے ہیں سدا
عشق کا بادیہ جانکاہ ہے رہرو اسکے — سر کے بل مثل قلم اسجگہہ چلتے ہیں سدا

دیگر

خط کی آنی سی رخ اوسکا دربار ہوا — یعنی گرد ماہ کے اک خوشنما ہالا ہوا
ہو گیا سنبل پریشان جاکے کی گل تنگ قبا — باغ میں آتی ہے اوسکی حشر کیا برپا ہوا
غمزہ و ناز و ادا ہر یک جدا نا لگی ہے آہ — ایک دل تہا دیدیا کیا درد سر پیدا ہوا
دیکھہ شوخی چشم کے اور کج ادائے قد کشن — کھل گئیں نرگس کی آنکھیں سرو دیدہ ہو گیا
کیا کہوں میں صفت دہان کہ نقطہ موہوم ہے — ہمسے یہ عقدہ نہیں کہلتا معما ہو گیا
نرد بازی میں سے ہم جیتے نہ اوس عیار سے — اسجگہہ بہت مخالف اپنا پانسا ہو گیا
شوخ آتا نظر نہیں آتا — غم یہہ جاتا نظر نہیں آتا
نقش پا کی طرح کوئی مجکو — اب اوٹھاتا نظر نہیں آتا

عجب طور سے ستار بجایا کہ نہ کسی سمجھ مین آتی تہی اور تان اور سم کا کچھہ پتہ تہا اور پردے ایسی خراب خراب بنائے تہے کہ اونسے نہ سرون کی کچہہ سوجہہ پڑتی تہی اور نہ راگنی کی گت معلوم ہوتی تہی غرض دیر تک اوس ستار کے ماجرا کو اس ادا سے بیان فرماتے رہے کہ جس سے طبیعت کی گہبراہٹ اور بیزاری عیان تہی تب والد ماجد نے عرض کیا کہ صاحب ستار کیا تہا بستار تہا سرکار بہت ہنسے اونکی طبیعت خوش ہوگئی اور فرمایا کہ ہان ٹہیک بستار ہی تہا۔

آپ کو شعر کا شوق قدیم سے رہا ہے اور جبسے جب کبہی کوئی طرح لاکر دی اوسپر غزل کہدی ہے اکثر مشاعرون مین جانیکا اتفاق ہوا آپ کے صاف اور بامعنے شعر ہر مشاعرہ مین پسند ہوئے ہین ایک مشاعرہ مین جو سرکار مرحوم کے کوٹہی پر ہوا تہا مین بہی تہا اور اجمیر کے تمام شاعر اور ذی شعور آدمی اسمین موجود تہے اور طرح یہ تہی ترا بیمار نہ سنبہلا جو سنبہالا لیکر اس زمین مین سب شاعرون نے اچہے اچہے شعر نکالے تہے لیکن آپ کا ایک شعر سب سے بڑہکر رہا اور وہ اوس مشاعرہ کے تمام شعرون مین چوٹی کا شعر تہا اوسکے نقل مولوی آلہی بخش نازش ٹنک نے لی اور جو عاشق مزاج تہے وہ تو ایک ہی دفعہ کے سننے سے لوٹ پوٹ گئے دیر تک اس شعر پر وجد ہوتا رہا اور خوب خوب نعرے خوشی اور آفرین کے بلند ہوئے کہ جسسے تمام کمرہ گونج گیا اور وہ کیفیت حاضرین کو یقیناً کچہہ نہ کچہہ آجتک یاد ہوگی اور شعر مذکور یہہ ہے۔

کیا کہین شیفتہ ہین کہ دیدہ تنبولی ہم	کون دولت مین پڑے نام کسیکا لیکر

سرکار مرحوم فرمایا کرتے تہے کہ لالہ نتہن لال کو کیسی ہی مشکل طرح کیون نہ دو مگر وہ بے تامل غزل لکھہ لاتے ہین۔

سیف الدین خان سیف تخلص اور فیض محمد خان فیض اور شیخ حیات اللہ ساکنہ اجمیر و لالہ مولچند وغیرہ نے آپ سے اصلاح سخن کی لی ہے اور ستار نوازی بہی سیکہی ہے۔ ایکدفعہ کشنگڈہ سے ایک پیرزادہ آپکے صرف اس قطعہ کے سننے سے مشتاق ملاقات ہوکر اجمیر مین ملنے کو آئے تہے

ایک صورت بہی نہین دیکہتی ہین مسجد مین	شیخ جی وعظ تمہارا نہ پسند آتا ہے
ہم ازل ہی مین بتون کے طالب	بخدا اسلئے بت خانہ پسند آتا ہے

صاحبزادہ احمد خان آگہ تخلص جو سرکار مرحوم کے بہائی تہے آپ کے اشعار کو بہت پسند کرتے تہے اور نواب وزیر الدولہ بہادر والی ٹونک جب آپ کی تحریر دیکہتے تعریف فرماتے کہ بہائی صاحب کو منشی خوب خوشخط اور خوش تحریر ملا ہے اور شرح اس فقرہ کی یہ ہے کہ نواب وزیر الدولہ بہادر اور صاحبزادہ عبدالکریم خان صاحب بہائی بہائی تہے مگر صاحبزادہ صاحب بسبب ایک تنازع باہمی کے اجمیر مین رہتے تہے اور اونکو اکثر اوقات نواب صاحب ممدوح کو عرضیان بہیجنے کا اتفاق ہوتا تہا اور وہ آپ لکہتے تہے اسیطرح اجمیر کے سپرنٹنڈنٹ کرنیل چارلس ڈگسن صاحب بہادر بہی آپ کی خوشخطی اور تحریر کو بہت پسند کرتے تہے۔ اجمیر مین آپکی خوش نویسی اور خوشخطی اور علمی لیاقت مشہور ہے دیوان آپ کا بسبب عدم توجہی کے ابتک مرتب نہین ہوا اگر بندہ نے کچہہ کچہہ جمع کیا ہے اور اوسی مین سے یہہ چند شعر یہان بعد اجازت درج کیے جاتے ہین۔

اوٹہہ گیا وہ جو بار خاطر تہا	یہی ہوا ابتو دل ترا ہلکا
کٹ گیا سر اپنا ستمگر کے ہاتہ خوب ہوا	کہ بار تہا میری تن پہ مگر نہ ہلکا لگا

کہ وہ مسلمان نہین اگر مسلمان ہوتے مین اونہین کا مُرید ہوتا۔ آپ کو ابتدا عمر سے ہر چند کہ مسلمانون کی صحبت رہی اور مسلمانون کے مذہب سے
زیادہ تر واقفیت پیدا کرنے کا کام پڑا مگر عقاید مین ذرا فرق نہین آیا بڑے پکے ہندو اور پورے پنتھیون مین آپکا روزمرہ اکثر یہ ہے کہ صبح سے دس
گیارہ بجے تک تو طالبعلمون کو پڑہایا کرتے ہین اور پہر اشنان کرکے پوجا مین بیٹہہ جاتے ہین جب وشنو بہگوان کی پوجا اور وشنو سہسرنام کے
پاٹہ سے فارغ ہوتے ہین تو درگاہ کی کچہری مین اپنے نوکری پر چلے جاتے ہین اور شام کے قریب وہان سے آکر کہانا کہاتے ہین شام کے بعد
مندر مین درشن کرنے کو تشریف لیجاتے ہین اگر کہین کتہا ہوتی ہے بعد درشن جاکر کتہا سنتے ہین گیارس کا برت رکہتے ہین گوشت
شراب اور دوسری ممنوعات سے مطلق پرہیز ہے مزاج مین بالکل سادگی ہے دنیا کی طرف بہت کم خیال لیکن امور عاقبت کا زیادہ تر دہیان
رکہتے ہین اور ہمیشہ خوش ہشاش بشاش رہتے ہین نہ کسی بات کا افسوس ہے اور نہ کسی چیز کی ہوس سرگن اوپاشنا کا عقیدہ ہے اور شری کرشن
بہگوان کا اشٹ ہے ہر وقت اونہین کی یاد دلمین اور اونہین کا نام زبان پر ہے بلکہ ایک کتاب بہی اونہین کی حمد و
ثنا مین بطور مناجات کے تصنیف کی ہے جو بنام قصاید پر فواید مطبع منشی نولکشور صاحب مین چہپ کر مشتہر ہوگئی ہے اور اسی
مذہبی ترقی اور تزکیہ باطنی سے آپکے زبان مین بہی کچہہ اثر ہے کہ جس سے جو بات کہتے ہین وہ اکثر ہو جاتی ہے گو تہوڑا بہت کچہ
نجوم مین بہی دخل ہے لیکن عمر بہر کے راست گوئی راستبازی اور پرہیزگاری بہی تو اپنا کچہ اثر رکہتے ہے اجمیر مین چند شخص
ایسے موجود ہین کہ وہ اسبات کی تصدیق کرسکتے ہین ازانجملہ ایک محمود سلاوت ہے وہ کہتا ہے کہ جب مجکو کوئی تکلیف ہوئی ہے
اور مین نے لالہ نتہن لال جی سے پوچہا ہے اور اونہون نے کوئی مدت بتادی ہے تو اوسکے بعد ضرور مجکو فلاحیت ہوگئی ہے یہ تو
میرے سامنے کا ذکر ہے کہ ایکدن ۱۹۰۸ع مین سلاوت مذکور نے آپکی پاس آکر کہا کہ بہت دنون سے بیکار ہون اور اب
قرضہ بہی نہین ملتا تو آپ نے گرہ گوچر کا حساب کرکے کہا کہ ستائیسوین دن تم کہین نوکر ہو جاؤگے سو ایسا ہی ہوا کہ عرصہ قریب
ایک مہینے کے بعد مین ایکدن میو کالج کو جاتا تہا راستہ مین ایک کوٹہی بنتی ہوئی دیکہی اوسمین سے محمود نے پکار کر کہا کہ کنور
صاحب سلام اور جب اوس سے پوچہا تو کہا جیسا کہ لالہ جی نے فرمایا تہا ستائیسوین روز مرا یہان پندرہ روپیہ مہینا ہوگیا ہے اور اب
مین خوش ہون مجہے اوسکی خوش اعتقادی اور اوسکے موجب اوسکے عین وقت پر متمتع ہونے سے بڑا تعجب ہوا۔ آپکے
مزاج مین زندہ دلی اور حاضر جوابی بہی موجود ہے ایکدفعہ صاحبزادہ عبدالکریم خانصاحب نے اپنے اول کا مدار کو تو دوم اور دوم
کو اول کردیا تہا جب یہ ذکر حکیم نظام علی نے جو اجمیر کے نامی رئیسون مین سے ہتے سنا اور آپ سے بوقت ملاقات پوچہا کہ کیا
آپکے یہان کا مدار تغیر تبدل ہوگئے تو آپنے فرمایا نہین مقدم موخر ہوگئے ہین۔

صاحبزادہ عبدالکریم خانصاحب مرحوم کے پاس میان اسد علی جو اجمیر کے پیرزادون مین سے ہین اکثر رات کے
وقت اکثر ستار بجایا کرتے ہتے ایک رات کہین سرکار ممدوح کی طبیعت حاضر نہین ہتی یا اتفاق مین میان اسد علی نے
ہی خراب طور پر ستار بجایا غرض اوس وقت مزاج مقدس ایسا بیمزہ ہوا کہ صبح تک اوسکا اثر باقی تہا اور دوسری دن جب
دربار ہوا تو والد ماجد بہی حاضر ہتے سرکار نے وہی رات کی ستار کا ذکر چہیڑا اور فرمایا کہ کل رات تو میان اسد علی نے

عدالت مین پیش نہ جاے گا بہتر ہے جو آپ مدعی کو راضی کرلین مگر کامدار صاحب تو جوابدہی کو گئے مگر جب صاحب بہادر نے
تمسک دکھلا کر پوچھا کہ مہر اور دستخط نواب صاحب کے ہین یا نہین تو کچھ جواب نہین بن آیا اور مع خرچہ ڈگری کرا کر واپس آئے اور یہ
نواب صاحب کو بدنام سوای نہین کرایا کیونکہ بروقت حکم اخیر صاحب بہادر نے کہا کہ یہہ نواب صاحب کو زیبا نہین تہا کہ اسطرح تمسک لکھکر بگڑ جاتین
اوسوقت آپ کی سچائی کی سرکار سے لیکر ادنی نوکر تک ہر ایک نے تعریف کی۔ اسیطرح حسین بخش نام ایک شخص اوسی سرکار مین ملازم تہا
بعد موقوفی وہ جب کہین روزگار کی تلاش کو جانے لگا تو آپ سے کہہ گیا کہ ایک مہاجن مین میری تین سو روپیہ امانت ہین وہ آپ لے لینا اوس
مہاجن نے وہ روپیہ تہوڑے تہوڑے کرکے دو تین برس مین دئے اور آپ کی صرف مین آگئے پانچ سات برس بعد جب وہ شخص آیا تو اوسکو تین
سو روپیہ کا سودی تمسک اوسکی رضامندی سے بعد ادائے منافع ماوجب کے لکہدیا وہ پہر چلا گیا اور اسیطرح اوس سے کئی دفعہ تبادلہ تمسکات اور تجدید
قرضہ کا اتفاق پڑا آخر مین ایکدفعہ اوس شخص نے اپنے کل تمسکات ایک شخص کو دکہلائے اون مین آپ کے ایک تمسک کے قانونی میعاد گذر چکی تہے
شخص مذکور نے اوسکو دیکھکر کہا کہ یہ روپیہ تمہارے ڈوب گئے کیونکہ تین برس سے زیادہ عرصہ اسکے تحریر کو ہو گیا اور پہر کچھ وصول بہی نہین ہوا ہے
اب اسکی کہین سماعت نہوگی مگر حسین بخش نے اسکی کچھ پروا نہ کی کہا جس شخص کا یہ تمسک ہے اوس سے مجھکو ایسی امید ہرگز نہین ہے پہر اوس شخص
کو بڑا تعجب ہوا اور اوسنے اوسکی بات کا یقین نکیا لیکن کچھ عرصہ بعد جب اوسنے تمسک جدید اوسکو لیجا کر دکہایا اور کہا کہ اسقدر مجکو وصول
بہی ہو چکا ہے تو اوسوقت اوس شخص کے تعجب کے کچھ انتہا نہ تہی کیونکہ آپ نے بلا لحاظ تمادی ایام تمسک بیبدل دیا تہا اور اوسکا سود بہی چکا
دیا تہا۔ اور بعد غدر جب کہ سرکار انگریزی نے اپنی رعایا پر انکم ٹیکس جاری کیا تہا اور اوس شخص کو کہ جسکی آمدنی دو سو روپیہ سالانہ
سے کم تہی مستثنی کرکے واسطے تخمینہ آمدنی اور انتفاع سالانہ ہر شخص کے پنچ مقرر کر دئے تہے اور وہ پنچ روزگار پیشہ لوگون پر باعتبار تنخواہ
کی اور اہل حرفہ پر اونکی آمدنی کی تخمینہ پر ٹیکس لگاتے تہے تب آپ نے باوصف اسکی کہ تنخواہ مقررہ سالبہر مین دو سو روپیہ سے کم تہی حق التحریر
کی رقم مثل دستوری وغیرہ کو جو کبہی کبہی ملتی تہی تنخواہ کے ساتہہ جمع کرکے اوسکا تخمینہ کیا تو اوسکو قابل ادای محصول سرکار کے دیکھکر
فورا اپنا نام نقشہ مین لکھوا دیا اکثر لوگون نے کہا کہ حق التحریر کے آمدنی اول تو چندان ظاہر نہین اور دوسرے ایسی ہی کہ کبہی آئے
اور کبہی نہین آئی اوسکو ماہانہ ایک قسم فرض کرکے تنخواہ مین جوڑ دینا اور اوسپر محصول دینا نقصان سے خالی نہین اور لوگون نے تو اپنے
ظاہرہ آمدنی کو بہی حتی الامکان چہپایا ہے اور آپ ایسی آمدنی خود ظاہر کرتے ہو۔ مگر آپ نے بنظر دیانتداری کچھ خیال نہ کیا اور
چند سال تک بخوشی خاطر ٹیکس دیتے رہے۔ علاوہ اسکے آپ کا چال چلن ایسا عام پسند اور مرنج و مرنجان ہے کہ تمام ہندو مسلمان
آپ سے خوش ہین اور سب آپ کا لحاظ اور ادب کرتے ہین مرض طمع یا کسی قسم کی بے اطمینانی آپ کے نفس مین نہین ہے صبر و توکل قناعت
اور شادمانی آپ کا وطیرہ ہے آپ کی کسی بات مین کذب اور ریا کا اثر تک نہین ہے ظاہر و باطن صفای کا جلوہ نظر آتا ہے
کبہی کوئی بات ایسے نہین کرتے کہ جس سے کسیکا دل دکہے اور کوئی جو کچھ سوال کرتا ہے تو حتی الوسع اوسکو مایوس نہین جانے دیتے
صلاح ہر ایک کو ہمیشہ نیک دیتے ہین اور شر کسیکو نہین کہتے آپ کی ان عمدہ عادتون کا اثر مسلمانون تک پر پڑا ہوا ہے چنانچہ صاحبزادہ
محمد خان صاحب خلف صاحبزادہ عبدالکریم خانصاحب مرحوم کہا کرتے ہین کہ لالہ جی مین تمام اوصاف نیک موجود ہین۔ ایک یہہ ہی نہین ہے

کی سرکار مین تیئس برس سے زیادہ عرصہ تک کارپردازی کی اور وہ سرکار ہمیشہ قرضدار اور زیربار رہا کرتے تھے جس سے اکثر لوگون نے فایدہ اوٹھایا اور قرضخواہون سے مل ملکر خیانت کی لیکن آپنے اپنی دیانت اور ایمانداری سے کبھی ایک کوڑی ادہر اودہر نہین کی حالانکہ خود بھی ہمیشہ قرضدار رہے اور سرکار سے بھی قرار واقعی قدر و منزلت اوس دیانت داری کی نہین ہوئی اور جو تھوڑی سی پنشن عمر بھر کی محنت خیرخواہی اور جانفشانی کے صلہ مین ہوئی تھی اب وہ بھی نہین ہے یہ حال ہندوستانی سرکارون کا ہے جو کسی زمانہ مین پشتون تک اپنے رفیقون کی پرورش کرنے والی مشہور تھین علاوہ دیانت کے آپ کی راست گوئی بھی مشہور ہے چنانچہ ایکدفعہ صاحبزادہ عبدالکریم خانصاحب بہادر کے اوپر قرضداری زیادہ ہوگئی تھی اور قرضدارون کو کامدارون کی قول و فعل کا کچھ اعتبار نہین رہا تھا تب یہہ ٹھہری کہ انکو سرکار کے روبرو دیکھلین اور وہان تسلی کرادین صاحبزادہ محمد خانصاحب کہتے تھے کہ جب یہہ لوگ سرکار کے روبرو آئے تو سرکار نے فرمایا کہ کامدار سچ کہتے ہین عنقریب تمہاری قرضہ کے سبیل ہوجائیگی سو تم خاطر جمع رکھو اونہون نے عرض کی کہ سرکار کامدار تو بہت دنون سے یون ہی کہتے ہین ہان جو لالہ نتھن لال جی کہدین کہ اتنے دنون مین تمہارے روپیہ کی سبیل ہوجائیگی تو پھر ہمکو کچھ عذر نہین ہے تب سرکار نے کہا اچھا تم جاو ہم لالہ جی سے تمہاری تسلی کرادینگی اور پھر لالہ جی کو بلاکر کہا کہ تم مہاجنون سے کہدو کہ اتنے عرصہ مین تمہاری ادائگی کی صورت ہوجائیگی اسپر لالہ جی نے کچھ دیر تامل کرکے کہا کہ یہ بات کسی اور سے کہلا دیجئے اور مجھے معاف رکھئے کیونکہ اتنے مدت مین انکی سبیل ہوجانا مجھے ممکن معلوم نہین ہوتی ہے فقط

ایسی ہی ایک برہمن مسمی گنیش رام کے تین ہزار روپیہ صاحبزادہ صاحب ممدوح کے خسر میان محمد منور خان کے اوپر قرض آتے تھے اور کہین صاحبزادہ صاحب نے کسیوقت اوس کے دینے کا اقرار کرلیا تھا وہ اجمیر مین آیا اور برسون تک اوس اقرار سبیل قرضہ کا ہوتا رہا آخر اوسنے کامدارون سے کہا کہ اگر ابھی روپیہ کی صورت نہین ہے تو مجھکو تمسک کا ہی کاغذ اشٹام پر لکھدیجئے کامداران نے سرکار سے عرض کی تو فرمایا کہ جب اوسکے روپیہ دینے کرلئے ہین تو تمسک لکھدینے مین کیا ہرج ہے لکھدو چنانچہ اونہون نے اگلے ساری تمسک میان محمد منور خان کے لیکر ایک نیا تمسک تین ہزار روپیہ کا کاغذ اشٹام پر لکھدیا چندروز بعد وہ شخص بھی مرگیا اور ادہر سرکار مین محمد مستجاب خان نام کے ایک صاحب کامدار ہوئے یہہ بڑے قانونی تھے انہون نے اوس تمسک پر اعتراض کیا اور کہا کہ وہ خارج المیعاد قرضہ کا ہے اور برہمن مذکور کے وارثون کو اوسمین کچھ وصول نہ دیا اور تین برس کے قریب تک لیت و لعل کرتے رہے جب میعاد گزرنے لگی تو برہمن مذکور کے داماد نے بہت چاہا کہ تھوڑا بہت جو واسطے حفظ میعاد کے ملجائے اوسیکو کافی سمجھے مگر جب کچھ ملتا نہ دیکھا تو ناچار محکمہ صاحب اسسٹنٹ کمشنر مین بصیغہ دیوانی نالش کردی کامدار صاحب اسکو عین اپنے منشا کے موافق سمجھکر قانونی دلایل سے جوابدہی کو مستعد ہوئے اور تمادی ایام کے عذرون کو بڑی طمطراق سے لکھوایا اوسوقت سرکار سے کہا کہ اگر آپ تک بات آئے تو آپ بھی کہدیجیو یا نیا قرضہ ہے اور تمسک بلا مرضی ہماری کامدارون نے ناجایز طور پر لکھدیا ہے اوسوقت سرکار نے فرمایا کہ پہلے نتھن لال سے بھی تو پوچھو کہ وہ بھی ایسا کہدینگے یا نہین کیونکہ تمسک اونکی ہاتھہ کا لکھا ہوا ہے اسپر جب آپ سے گفتگو ہوئی تو آپنے صاف کہدیا کہ ہم جھوٹ نہین بولینگے تمسک ہمنے سرکار کے کہنے سے لکھا ہے اور قرضہ البتہ پورانا اور میان محمد منور خان کے ذمہ کا ہے لیکن سرکار نے اوسکا دینا خود قبول کرلیا تھا اور آپکا کوئی عذر

جسکے بعد ایک مختصر سا دیباچہ مصنف کیطرف سے ہے یہہ کتاب اس علم مین بہت مستند شمار کیجاتی ہے اوسمین الفاظ کے معنے ہی نہین لکہے ہین بلکہ اونکی استعمال کا طریق بہی بتایا ہے اور ہر موقع اور محل پر وہ نادر اور لطیف اشعار استادون کے لکہے ہین کہ اگر کوئی صرف اون شعرون کو ہی یاد کرلی تو بلبل ہزار دستان اور عندلیب شیوا زبان ہوجاے یہہ بزرگوار علاوہ فارسی کے اردو زبان مین بہی شاعر تہی چنانچہ یہہ شعر اونکی اوس وقت کی شیرین کلامی کے بہت اچہا نمونہ ہین۔

وہی ایک ریسمان ہے جسکو ہم تار کہتے ہین — کہین تسبیح کا رشتہ کہین زنار کہتے ہین
اگر جلوہ نہین ہے کفر کا اسلام مین ظاہر — مسلمانی کے خط کو دیکہیہ کیون زنار کہتے ہین

بہار تخلص لالہ کالکا پرشاد ولد بہاری لال فرخ آبادے شاگرد صفدر۔ یہہ شعر اون کا ہے۔

وہ میرے گہر آئین تو کہون حال دل اپنا — تقدیر سے نکلے کوئی صورت اگر ایسے
رکہدیگا قلم ہاتہہ سے چین ہانکے مانی — ہرگز نہ کہنچیگی کبہی پتلی کمر ایسے

بہجت تخلص منشی ہنسن لال قوم کایتہہ سکسینہ والد ماجد راقم تذکرہ ہذا۔ ولادت آپ کی شہر سرونج ضلع مالوہ علاقہ ریاست ٹونک مین متی بہادون بدی ۹ ستمبر ۱۸۶۰ کو واقع ہوی اور تحصیل علم اور کسب کمال شہر ٹونک مین بطل تربیت اپنے نانا بخشی دولت رائے کے کیا اور سنہ ۱۳۰۵ ہجری یعنے سنہ ۱۸۹۰ کے بعد نواب محمد امیر خان والی ریاست کے صاحبزادہ حافظ عبد الکریم خانصاحب کے سرکار مین بعہدہ متصدی گری و پیشکاری کارپردازان سرکار ممدوح ملازم ہوئے اور سنہ ۱۳۴۶ ہجری مطابق سنہ ۱۹۲۶ تک کاروبار متعلقہ اپنا اسی دیانت و امانت اور خوش اسلوبی سے انجام دیتے رہے کہ علاوہ آقائے نامدار ایک ایک آدمی اوس سرکار کا خوشنود اور رضامند تہا مگر سنہ مذکور مین بعد وفات صاحبزادہ صاحب ممدوح کے جو فرزندان جناب مغفرالیہ نے بخشش مقرر کردی تو درگاہ خواجہ معین الدین چشتی کے متولیون میر حفیظ علی اور میر وزیر علی نے بنظر شہرہ حسن لیاقت کارگزاری و دیانتداری آپکے آپکو درگاہ خواجہ موصوف مین بعہدہ نائب متولی رکہلیا چنانچہ اتبک کہ عرصہ قریب چودہ پندرہ سال کے ہوتا ہے آپ درگاہ موصوفہ مین اپنے تعلق کا کام کرتے ہین اور وہان کے تمام چہوٹے بڑے آدمی بہی آپکے اخلاق و خوارق عادات سے خوش ہین اور مزید بران تمام شہر اجمیر مین کہ جہان عرصہ قریب چالیس برس سے قیام ہے آپ کی بہت کچہہ نیکنامی حسن معاشرت وغیرہ کی ہے اور آپکے علم و ہنر سے وہان کے اکثر لوگون کو فیض پہونچا ہے اور پہونچتا ہے کیونکہ آپنے اپنے وقت کا بہت سا حصہ طالبعلمون کی افادت کے لئے وقف کر رکہا ہے اوس وقت جو شخص چاہے وہ کتاب لیکر آجائے اور سبق پڑہ جائے امیر غریب کوئی ہو کسی سے انکار نہین ہے میری یاد مین بہت لوگ آپ سے لکہہ پڑہ کر اپنے مدعا کو پہونچ گئے ہین کسی نے علم پڑہا ہے کسی نے خط کی اصلاح لی ہے کسی نے حساب سیکہا ہے کسی نے مسودے لکہے ہین کسی نے شعر دکہلائے ہین کوئی ہندی پڑہتا ہے کوئی میزان منشعب کا سبق لیگیا ہے کسی نے عروض قافیہ دیکہا ہے اور یہہ چشمہ فیض فضل الہی سے آجتک بہی جاری ہے اسیطرح سے خط اور عرضی وغیرہ جو لکہانے کو آوے اوسکو مفت لکہدیتے ہین اور پڑہانے لکہانے مین کبہی کسی سے کچہہ نہین لیتے پہلے تو تمسک اور بیعنامہ و رہن نامے وغیرہ بہی مفت لوگون کو لکہدیا کرتے تہے مگر جب سے دو ایکدفعہ اس عرصہ مین گواہی کے لئے عدالتون مین جانا پڑا تو اس قسم کے کاغذون کا لکہنا چہوڑ دیا ہے مزاج مین حد سے زیادہ مسکنت اور زخارف دنیوی سے بالکل استغنا اور بے پرواہی ہے ہمیشہ قوت حلال کی کوشش رہی ہے کبہی ناجایز طور پر نہ کچہہ کسی سے لیا اور نہ اوسکا خیال کیا صاحبزادہ عبد الکریم خانصاحب

جسپر صاحب ممدوح نے اونہین کی صلاح سے ایک خط لکہکر راجہ بنی بہادر کو بڑی عزت اور بزرگی کے ساتہہ بلایا اور ملاقات کے بعد صوبہ اودہ کا کل اختیار اونکو دیدیا اور اونہون نے بہی اپنے رسای اور حسن خدمت سے طرفین کو راضی رکہا مگر صاحب نے کہا تہا کہ تم اپنے قبایل کو بلاکر صوبہ عظیم آباد مین رکہو تو ہم تمکو کل نیابت صوبہ اودہ اور الہ آباد کی دیدین مگر وہ عذرات واجب سے قبایل کے بلوانے مین تامل کرتے تہے اسعرصہ مین یہ خبر مشہور ہوی کہ نواب وزیر مہاراجہ ہلکر کو اپنے مددپر لاکر انگریزون سے لڑنے آتا ہے راجہ کو بیاس نمک اوسکے پاس جانے کا ارادہ ہوا اور وہ جیسے ہوسکا لکہنؤ جاکر معہ اپنے فوج اور قبایل کے نواب سے جاملے تب انگریزون نے دونو صوبہ کی نیابت راجہ شتاب رای کو دیدے۔

کوڑہ کی نواح مین پہر انگریزون اور شجاع الدولہ کے درمیان جنگ ہوئی اور پہر انگریز غالب ہوی مرہٹون کے سوار انگریزی قواعددان پلٹنون کی بندوقون سے ہار کر بہاگ گئی وزیر پہر روہیلون کے ملک مین آیا اور اوسنے احمد خان بنگش کی صلاح سے راجہ شتاب رای کی معرفت انگریزون کے ساتہہ صلح کی اور راجہ شتاب رای نے اس موقع پر راجہ بنی بہادر کی رفاقت کا لحاظ کرکے نواب کے عزت کا پورا خیال رکہا اور اوسکا ملک واپس اوسکو انگریزون سے دلادیا راجہ بنی بہادر کی بی بی بہی بہت نیکبخت اور فیاض ہتین چنانچہ اونکی فیض سے اکثر غریب غربا پرورش پاتے تہے اور جو محتاج اونکی پاس اپنے حاجت لیکر آتا تہا وہ ہرگز محروم اور نامراد نہین جاتا تہا راجہ جسونت سنگہ جو کاکاجی پروانہ کے نام سے بہی مشہور تہے راجہ بنی بہادر کے بیٹے تہے سو راجہ بنی بہادر شاعر بہی تہے اور اونکا کلام بہت صاف اور شیرین ہے مگر ہمکو سوای ایک شعر کے ملا اور وہ یہہ ہے اور اسسے اونکی خوش فکری اور شیوا زبانی ظاہر ہے

ساقی کی گلی دلکی آئندہ نہ گئی — ہمارے جامہ کہنہ سی میکدے پونہ گئی

بہادر تخلص بابو رن بہادر سنگہ خلف بابو فتح بہادر سنگہ شاگرد مرزا حاتم علی مہر مقیم اکبر آباد ایک خوش فکر شاعر ہین اور یہہ شعر اون کے اونکی لیاقت سخن پر گواہ ہین۔

ہم تڑپتے ہین مرغ بسمل سے
پہل یہ پایا ہے تیغ قاتل سے
ای بہادر نچھوڑیو میدان
ایکدم بہی جدا نہین ہوتا
نہ اوٹہی لاش کوی قاتل سے
کیا محبت ہے درد کو دل سے

بہادر تخلص لالہ راج بہادر مدرس اردو اسکول بلرام پور اودہ شاگرد منیر آقا حسن تخلص نامی انکا ایک تاریخی قطعہ رسالہ گلشن فیض مصنفہ نندکشور لال فروغ مین درج ہے۔

بہادر تخلص لال بہادر خلف مانکچند مرحوم انکا ایک فارسی قطعہ تاریخ مثنوی مجز ہمت مصنفہ منشی جگوپال ثاقب مطبوعہ ۱۲۸۳ھ مین درج ہے اور کلام دیکہنے مین نہین آیا۔

بہار تخلص منشی ٹیکچند قوم کہتری شاہجہان آبادی مصنف لغات بہار عجم معاصر اور ہمشاعرہ خان آرزو کے تہے ہندون مین کیا مسلمانون بہی کوی مثل انکی محقق اور زبان دان فارسی کا نہین ہوا ہے آجتک بڑے بڑے عالم اور فاضل اونکی تصنیفات کو دیکہکر کان پکڑتے ہین کتاب بہار عجم مین جو فارسی اصطلاحات کے علم مین لاجواب واقع ہوی ہے اور رسالہ جواہر الحروف اور ابطال ضرورت نوادر المصادر بہار بوستان اونکی تصنیفات سے ہین بہار عجم جواب متعارف اور متداول ہے اونکا ساتوان موسوم ہی کہ جسسے تمام اگلے سودات منسوخ ہوگئے یہ عجائب نسخہ ۱۱۸۲ھ مین اختتام کو پہونچا ہے اور اندرمن نام ایک شخص نے اوسکا خطبہ لکہا ہے

سب ہی بہائی راد ہا سوامی اصل نام منشی شیو دیال سنگہ صاحب ہے تو آگرہ مین ملا ہون یہہ بہی بڑے مرتاض تہے اور ایک پنتہ انہون نے بہی چلایا ہے انکے والد منشی دلوالی سنگہ اور دادا دیوان ملو کچند اپنے شہر کے معتبر لوگون سے تہے۔ کتاب بہار بندرابن انکی تصنیف ہے اور اوسمین انکا ہندی فارسے اُردو کلام بہت کچہ درج ہے از انجملہ یہہ چند شعر منتخب ہوئے۔

کبہو صبر نہین بات یہ گہبرانی کی	اب ضرورت ہی بڑی تعلب کے سمجہانیکی
تلخی صبر کو زنہار نہ کڑوا سمجہو	جب کہ امید تجہے شیرین ہے پہل کہانیکی

بنسی دہر ولد ہیری پرشاد قوم کایتہ بہٹ ناگر سکنہ اجمیر برادر منشی شنکر لعل بیتاب تخلص نگر تخلص انکا یاد نہین رہا صرف ایک شعر یاد تہا سو یہان لکہا گیا۔

قلم ہو سو کہکر کا ہنا ساہی کو یہ چلکر	اگر لکہو نہین کچہ احوال اپنے سوز ہجرانکا

بہادر تخلص راجہ بنی بہادر قوم کایتہ باشندہ لکہنو مختار اور مدار المہام سرکار نواب وزیر شجاع الدولہ بہادر صوبہ دار اودہ کے تہے تواریخ سیر المتاخرین مین لکہا ہے۔ راجہ بنی بہادر مرجع جمیع ملازمان وزیر و مختار حل و عقد معاملات او بود و جرأتے داشت کہ مثل او در ان وقت در رفیق پروری و شرفا نوازی کسے نبود و در معاملہ رسی و سیاق فہمی و سرانجام امور و شمار و معدلات مالی و ملکی ید طولی داشت سنہ ۱۱۷۰ ہجری مین نواب وزیر شاہ عالم بادشاہ کو لیکر بندیل کہند سر کرنے کو گیا راجہ بنی بہادر کو اوسنی پیشتر سے ہی بہیجدیا تہا راجہ نے بنارس کے رئیس بلونت سنگہ کو بہی اپنے کفالت سے ساتہہ لیا تہا جو بڑا عیار جرار اور نہایت مالدار راجہ تہا اور کبہی شجاع الدولہ اور اوسکے باپ صفدر جنگ کی پاس حاضر نہوا تہا اسعرصہ مین بنگالہ کا صوبہ دار میر محمد قاسم انگریزون سے لڑائی ہار کر بندیلکہنڈ مین بادشاہ اور وزیر کے پاس بطلب مدد آیا اور بعد اختتام مہم بندیلکہنڈ کے بادشاہ اور وزیر میر محمد قاسم کے ساتہہ روانہ ہوئی بکسر مین انگریزون اور مغلون کی لڑائی ہوئی مقابلہ کے وقت راجہ بلونت سنگہ اور راجہ بنی بہادر باو زناگہ گور رہا یون نے بہت کوشش اور بہادری کی لیکن انگریزی سپاہیون کے باڑہ سے کچہ پیش نہ چلی چنانچہ بادشاہ اور وزیر شکست کہا کر واپس آئے مگر وزیر نے دوبارہ ایمان کر انگریزی فوج سے لڑائی کی اور پہر شکست کہائی اور بہاگ کر روہلون کے ملک مین چلا گیا اس لڑائی مین راجہ بنی سنگہ بہادر کے بہت سے رفیق کام آئی اور اونہون نے اپنے ملک مین رہکر جب دیکہا کہ بادشاہ وزیر کو چہوڑ کر انگریزون سے ملگیا اور راجہ بلونت سنگہ اپنے ملک مین جا بیٹہا تو ناچار انگریزونکی موافقت مصلحت سمجہی اور بروقت ملاقات اپنے آقا کی سفارش کی اونہون نے کہا کہ بشرطیکہ حوالہ کرا دینے شمرو فرنگی اور میر محمد قاسم کے وزیر سے صلح کرنا منظور ہے راجہ نے جواب دیا کہ شمرو کی پاس تو ایک جرار فوج اور جنگی توپ خانہ ہے اوسکے پکڑنے مین بہت کشت و خون ہوگا لیکن محمد قاسم کو حوالہ کردونگا محمد قاسم یہ سنکر فوراً راجہ کے قبضہ سے نکلگیا اور راجہ نے سارا حال وزیر کو لکہا مگر وزیر نے جواب دیا کہ ہم تو یہان لڑائی کی تیاری کر رہے ہین اور تم وہان رہکر انگریزون سے سازش رکہو تاکہ دونو صوبہ اپنے قبضہ مین رہین تب راجہ نے راجہ شتاب رای کو لکہا کہ وزیر نے وہ شرطین جو انگریزون نے مقرر کی ہتین منظور نفرمائین اور لڑائی کا ارادہ کیا ہے مگر مین اس لڑائی کا نتیجہ بہتر نہین دیکہتا ہون اور چاہتا ہون کہ انگریزون کے سایہ مین رہون سو آپ اسبارہ مین سعی فرماوین۔ راجہ شتاب رای جو اوسوقت انگریزون کے رفیق تہے ممنون اور ممک پروردہ راجہ بنی بہادر کے تہے اونہون نے راجہ موصوف کا کام کرنا عین سعادت سمجہکر افواج انگریزی کے جرنل برگدیر سمجر گرنگ سے کہ جسکے ساتہہ وہ تہے خوب سعی تحریک اور گفتگو کی

تم بہی کہلا دو جڑہا کر اپنے ابرو کی کمان
سہم جاۓ ماہ نو یہ دور کہنچا ہے بہت

شمع پروانہ سے ہر محفل میں تنکر جہانک کی
دیکہہ ان ہاتوں نے تیرا سر کتایا ہے بہت

یہہ چند شعر ایک قصیدہ تشبیب سے ہیں

دم مسیح کی باد صبا میں ہے تاثیر
کہ تندرست ہوئی آج نرگس بیمار

لباس ہی گل شبو نے عطر میں شب بہر
جو آج سر پہ ہزارے کے زرد ہے دستار

کہاں ہے غنچہ سربستہ شاخ میں جو صبا
فشار دے کے نکالی ہی گل سے عطر بہار

ہزار وضع کی شوخی اور ایک گل کو گر
ہزار پیچ میں سنبل کے زلف کا یک تار

مطلع دیگر

میں وہ فصیح ہوں شیوا زبان کہ بلبل نے
اوڑایا ہے مرا طرز سخن ہزاروں بار

شگفتگی ہے طبیعت میں اسقدر میرے
شگفتہ نکلے ہیں مضمون شگفتہ تر اشعار

ہلال عید کو لکہدوں تو میں کلید مراد
تو کہولے قفل در بندق م در روزہ دار

میری غزل سے دل پر الم کا غم ہو دور
میری قصیدہ سے دست کرم ہو گوہر بار

کاش وہ اپنا رخ روشن دکہا کر اوسکی آنچ
شمع کو جلوہ گری پر اپنے دعوا ہے بہت

تیرے چشم مست کا عالم میں چرچا ہے بہت
اور دہان تنگ کا ہر جا پہ چرچا ہے بہت

جہان میں نام خدا آج کل ہے یہ جوش بہار
یقین ہے بلبل تصویر کہولدے منقار

شمیم گل سی بہری ہے زمین کے جہونے
رنگا ہے رنگ سے لالہ کی دامن کہسار

کرے ہے نکہت گل عطر بیزیان کیا کیا
نسیم صبح نے کہولا ہے طبلہ عطار

ہزار رنگ کی حسرت اور ایک غنچہ گل
ہزار طرح کی حسرت اور ایک برگ چنار

گل سمن پہ تصدق ہے عالم مہتاب
سپیدہ صبح کا شبو کے پہول پر ہے نثار

بجا ہے مجہسے ہزار ابدل لے گر دستار
کہ شاخ خامہ سے جہڑتے ہیں میرے پہول ہزار

جہان میں سحر بیانی کی داد دوں اپنے
تو داد اپنی کو لب کہولے صورت دیوار

لکہوں جو سلسلہ زلف مشکبو کا شعر
مجال ہے کہ نہ دے بہر بو ہی مشک تتار

زمین طبع میری ایک باغ ہے گل خیز
ہے چرخ فکر میرا ایک ابر گوہر بار

سمند طبع کو اپنی کروں میں جب جولان
جلو میں دوڑے میں فارس کے فارسی مضمار

بلدیو لال مرحوم بن منشی کنوری لال مغفور بن منشی خوب چند ذکا صاحب تذکرہ عیار الشعرا زبان فارسی اور عربی میں مہارت رکہتے تہے اور طب سے واقف تہے قوم کایتہ ماتہر باشندہ دہلی مگر افسوس کہ جہاد نے نمجہ میں غدر کے بعد بعمر جوان انتقال کر گئے شعر ہی کہتے تہے مگر انکو نہ تخلص معلوم ہوا اور نہ کوئی شعر معلوم صرف اسقدر حال منشی مدد گار پرشاد صاحب نادر نے لکہا تہا سو بطریق یادگار درج کیا گیا

بلیغ تخلص منشی جوالا پرشاد شاگرد نسیم دہلوی۔

کسے کہتے ہیں تقوی کسکو استغفار کہتے ہیں
اوڑیدہ بلومی ہو ساغر کہ عمر زر خصت ہے

سیاہ اک دن ہے ظلمت شب تنہائی
فروغ زندگانی پر عجب انسان کو نخوت ہے

کہوں کیا میں کہ ذکر بوی گل سے سرگرانی ہے
یہہ ادنی اوس پری رخسار کا طرز نزاکت ہے

بصیر تخلص پنڈت بشیشر ناتہہ ولد بشمبر ناتہہ قوم کشمیری سکنہ دہلی جواب ساتہہ علاقہ مارڑوار میں بتقریب روزگار وارد ہیں شاگرد مرزا یوسف علی خان عزیز تلمیذ مرزا اسد اللہ خان غالب۔

نہیں کاکل کشادہ ہے پری رو تیرے عارض پر
پرستان کو نہ اوڑ جائے کہ اوسکی پر نکلے ہیں

سینے میں ہارجیت دیکہلوں کیے ہاتہہ سے
سو بار متعدد مجہسے ہی ناز وادا کے ہاتہہ

کیونکر دہان تلک ہو رسائی نگاہ کی
کچہہ دن سے ملک غیر پہ ہوا انتظام نعت

کیوں نہو عاشق می نوش کو بوسہ کی طلب

قیامت کیا کری برپا خدا جانے جوانی میں
ابہی سے ڈہنگ اوس کے زمانہ سے نرالے ہیں

ابرو کہاں کعبہ مسلمان پڑہیں نماز
کالی کی درمیان میں ہے جبیں بند نام زلف

کاکل نہیں ہے مصحف رخسار پر بصیر
طغرا کا یہہ لکہا ید قدرت نے لام زلف

ساغر مے ہی ذقن اور لب گردان عارض

بندرابن تخلص باسم خود عرف سرکار بہادر قوم کہتری دیوانی آگرہ انسپکٹر ڈاکخانجات اور یہ شعر و شاعری کے علاوہ فقیری کا مذاق بہی رکہتے تہے اور بلکہ ایک طریقہ اپنے طور پر چلایا جو بندرابنی پنتہہ کہلاتا ہے میری اونسے ملاقات نہیں ہی مگر خط و کتابت تہی اونکی

جان رخصت ہوگئی جب آپ محفل سی اوٹہے
گل ہوئی یہ شمع مہر صبح ہجران دیکھکر

قبا پہنے جو تو جھکر گریبان آستین دامن
تو میرے حق مین ہین خنجر گریبان آستین دامن

دیگر

دیگر

گریہ ہے میرے آتش غیرت ہی بجہا دے
جلتے ہین اغیار بہی دونے کے اثر سے

وہ دن ہو کہ پہر قاتل بیرحم کو دیکھون
پہر تیغ کا بوسہ لون لب زخم جگر سے

ہے وصل ہی محرومی جاوید کا پیغام
خط اوسنی جو لکہا ہیجا ہے سیمرغ کے پر سے

ہزارون مر گئے اس آرزو مین
مگر تجہسا کوئی قاتل نہ پایا

خانہ زنبور ہے اپنا بہی گہر
جب ہوا آباد غارت ہوگیا

پر عنقا جو ملے تو لکھون مضمون کمر
چشم عنقا جو ملے تو دہن اوسکا سوجھے

بوسے مانگے تو کیا اوسنے دہن بیچ ہی لب
ہائی کس پردہ اقرار مین انکار کیا

یا عجب بن مین ترے انکہونکی ایجان آئی ہے
نکلے یہ جیسا وحشت دل مجکو کہا جاتا ہے

شب وصل آتی ہی رخصت لگی تم مانگنے ہمسے
نہ جانا تہا یہ شر ہوگا تمہارے خیر مقدم سے

دلمین ہی لو نہ شمع رخون کے وصال کی
کعبہ مین روشنی ہے بتون کے جمال کی

تشبیہ کس سے دیتے ہین ابروے یار کو
ابتو کمان خم بہی ہے ہلال کی

رخ ہے تمہارا بدر کا بجلی کی ہے کمر
اور بانک کہکشان کے ہی ابروے ہلال کی

تیری کمر مین وہم و گمان کو نہین ہے دخل
وصف دہن مین تاب نہ کچہہ قیل و قال کی

دیگر

پہر کسی صورت بہی یوسف کو زلیخا نہ عزیز
اگر زلیخا کو دکہادین یار کی تصویر ہم

عشق میں جو ان کو بہی ہو جاے ہے حاصل کمال
عشق کی دولت ہوئی شیدا زبان عندلیب

عاشقون پر خار کہا کر پایگا کیا کوئی پہل
باغبان ویران کر تو آشیان عندلیب

دیگر

تمہارے قد کو ہوئی سرو دیکھکر سجدہ سے
تمہارے رخ کو جو دیکھا تو آے ہوش مین گل

پسند جب سے ہوا اوسکو ہار پہولون کا
ہوے ہین اوسکے غلامان شگفتہ گوشین گل

دیگر

دیگر

ہے خون زخم دل سی اپنا سارا پیرہن گلگون
اور اشکون سے ہین پر گہر گریبان آستین دامن

گل رنگ رخ سی تیری پسینے مین غرق ہین
شبنم کہان ہے یہ عرق انفعال ہے

یہ ہی ہے غنیمت کہ سر محفل اغیار
وہ دیکہہ مجھے لیتے ہین دزدیدہ نظر سے

بیجرم کیا تونے ہمین کشتہ شمشیر
آخر یہ ملا پہل تیری ابرو کے ثمر سے

جو رنگ نے کیا مشق ستم نے تیرے ہمکو
غمزہ سے اشارہ سے تغافل سے نظر سے

دیگر

گل اوسی دم مین ہوا شعلہ چراغ سحر
ہائی جب زخم جگر سے میری سرکی بتی

دیگر

پر سرخاب سے لکھتا ہے جواب خط وصل
اسلیے یہ معنے ہین کہ شب کو نہ ملنا ہوگا

ناصحا منع نکر عشق بتان سے مجھکو
میرے سینہ پہ ہی یہ بس تیرے سینہ پہ نہین

جب کمر کا یار کے مضمون رقم ہوتا ہے
خط مسطر شعر کو راہ عدم دکہلای ہے

دیگر

کب ہے شفق یہ وقت سحر آسمان کی
آتش لگی ہوئی ہے تمہارے جلال کی

موی میان یار کا عقدہ نہین کہلا
ہر خیمہ کہال نکالی ہے بال کی

زلف سیہ کو چہوتے ہی اندھیر ہوگیا
ثابت ہوئی ہے مجہہ پہ خطا بال بال کی

سنتا نہین ہے کوئی ہی طالعی کی اب حرف
عالم مین غیر ہم ہے تیری بول چال کی

ہوگی اعمالون کے جب ہمکو سزاو جزا
تب کرینگے پیش اپنا نامہ تقدیر ہم

دیگر

باغبان بگڑی ہے کیون ہمنی بگاڑا دیکہا
آئی ہین کچہہ دیر سننے کو بیان عندلیب

قدر ہے جنکو سخن کی جانتے ہین وجہ لق
زردی گل سی ہی ہے رنگین بیان عندلیب

عجب عالم مستی ہے آج گلشن مین
کہین ہے جوش مین بلبل کہین ہے جوش مین گل

بس شباب مین وہ شوخ لعد شوخ ہوا
کہ جیسے فصل مین ہوتا ہے اور جوشین گل

وطن مین پاہی عزت کہین ہی اہل کمال
عزیز ہوتا ہے دوکان گلفروشین گل

تیری ابرو کا جو دلمین دہیان ہتا ہے بہت
اسکمان سے ہمنا زاغ سویدا ہے بہت

دانستہ چھیڑ کرتے ہین زلف دوتا سے ہم
آفت کو مول لیتے ہین کالی بلا سے ہم

بگڑ آگیا تو ہاتھ ہی مین اوس نگار کے
یہہ ہتکنڈے ہی سیکھین گے دزد حنا سے ہم

نسخہ مین گر لکھے گا نہ تو شربت وصال
مر جائینگے طبیب تو تیری دوا سے ہم

بگڑا یہہ شب کو وہ کہ میری جان پہ آبنی
ہارے منا منا کے بت بیوفا سے ہم

کیون اب ہنسی کرتے ہین دل تنگی حریف
یہہ بت جو کہتے تہے نہین ڈرتے خدا سے ہم

ہر بزم مین ہے ذکر تری جلوہ گری کا
لیتا نہین اب نام کوئی حور پری کا

لکہتا ہون جو مین وصف تری جلوہ گری کا
ہے خامہ کی رفتار مین انداز پری کا

رہتا ہے شب و روز حسینون کا تصور
پہلو مین میرے دل ہے کہ شیشہ ہے پری کا

کیا ہوگی صبا نامہ بری تجہسے ہماری
جب حنف نہین گلگی تجہے پردہ دری کا

یک ذرہ تک نہ ہو نجاد رہا تک صبا
تونے اوڑا کے کیون میری مٹی خراب کی

تیرے چہرے پہ یہ دو صاد لگے آنکہو نکے
تجہکو خوبی مین جو خالق نے دو چند دیکہا

دیگر

جسنے دیکہا ہے زخم بسمل کا
ہاتھ وہ چومتا ہے قاتل کا

خط کہان ہے یہہ دو فرد تقصیر
آیت ابروان قاتل کا

خاکساری ہے بسکہ اپنا شعار
عطر بھی گر ملین تو ہو گل کا

دیگر

کب ہین موتی زلف مین دلدار کے
مار زلفین ہین یہہ دندان مار کے

قتل کرتے ہو جہان جاتے ہو تم
کیا چلن سیکھے ہو یہہ تلوار کے

بو ہی گل ہے تار کی سے اوسکو بار
ہار گل پہنکین نہ کیون وہ یار کے

کب گل لالہ ہین ہین یہ اتہول
زخم ہین بلبل تری منقار کے

التجا ہے آپ سے نیکی اگر ہمکو عطا کرتے
تو صبا دیکہتے انکہو نسے ہمارے ہیا کرتے

جسنے دیکہا ہے پری پیکر تجہے مفتون ہوا
جب تو مجنون ایک تہا اب ہر بشر مجنون ہوا

روز گردش شب بے خواد سکا تامان دیکہکر
ماہ پنہان ہوگیا مہر درخشان دیکہکر

باغمین خون روئے غنچے تجہکو خندان دیکہکر
ہوش بلبل کے اوڑے تجہکو غزلخوان دیکہکر

بیخود یوسف ہین خیال زلف مین اسطرح ہم
جیسے ہوتا ہے کوئی خواب پریشان دیکہکر

نکہت سے گل کے ناک مین ہے تجہہ بغیر دم
اور دلمین ہو رہی ہین خفا ہی صبا سے ہم

آفت ہی تجہہ پہ ڈہائیگی یہہ بے نیاز یان
حیف ادا نہی چاہین گے ای بت خدا سے ہم

لاتی نہین ہے اب جو تیری زلف کی شمیم
رشتے ہین ہاتھ باتہ پہ باد صبا سے ہم

آواز دل دہڑکنے کی کیا کم ہے درد سے
عادی جو ہو نکنے کے ہوان بانگ درا سے ہم

دیگر

چلنے کا سلیقہ تہا کہان کبک دری کا
یہہ طرز ادا پایا ہی اوسی کبک دری کا

خوبون نے ستایا ہے یہہ کچہہ نامہ بری کا
لیتا نہین اب نام کوئی نامہ بری کا

بازار کی مانند زمانہ ہے او راہ گیر
انسان کی عمر جیسے تماشا گذری کا

دیگر

میرے ہر درد نے عیسے کو ہراسان دیکہا
میرے ہر خواب نے یوسف کو پریشان دیکہا

اسکے تعبیر یہی تہی کہ ہوئے مجکو قتل
رات کو خواب مین جو خنجر بران دیکہا

ہے جو رکش سواد منزل کا
پردہ اوٹہا ہے اوسکے محمل کا

کیا جلایا ہے مجکو ہجر کی شب
شمع تہی یا کہ داغ تہا دل کا

سامنے اوسکے پری کے آئے جو حور
پردہ کہل جائیگے حق و باطل کا

شمع روتی تہی لوٹتی تہے ہم
تیرے بن تہا یہہ حال محفل کا

مر رہے ہین ہجر مین دلدار کے
تشنہ لب ہین شربت دیدار کے

مار لکہا جسنے زلف یار کو
بس نکالا اوسنے اوسکو مار کے

بلبلین لطف ہمین گلزار کے
پہول جہڑتے ہین زبان سے یار کے

بعد مدت اوسنے بلوایا تو ہائے
پانو ہوئے طاقت رفتار کے

اوسنے کسا ہی مجہے آج مردن ہین یارب
مری جبین سے زبان ادمکی ہین جو بہوئے

سوز سے اور نیل اپنا نالہ موزون ہوا
کیا قیامت آہ پرتاثیر کا مضمون ہوا

بحث حکمت آج زر بر ہاکہ جسکو زر ملا
وہی اسکندر ہوا اور وہ افلاطون ہوا

دلکے ستونگر ہے ہو تیغ اوسکی عریان دیکہکر
ہے عجب صد برگ بہولا برق خشان دیکہکر

باغبان اوجہی ہی کیون ہمسی ہی جائیگی
شل نگہت وہ چلے جائینگے بستان دیکہکر

خط و خال و زلف و کاکل تیرے گرد لب ہین
مار و مور افعی ہین سے انجیوان دیکہکر

ہمین وزیر اہی ہاین ہے الصاف سے اپنے
کہ لاکہون ہی ہین جمن ہگیہ غلس گردنے

پس مردن ہو اہی عشق سے یہہ ہیر دل میرا
ہنین آتا کوئی ہر دانہ میری شمع مدفن پر

علاج ہجر بتاؤ بتو خدا کے لئے
ہمین تو موت ہی ملتی نہین دوا کے لئے

تیری جفا مزے کیا کہون کہ دل نے میرے
دہان زخم سے بوسے تیری ثنا کے لئے

تیری رعنائی کا جسجا یہ پڑا تہا سایہ
ای گل اوس جا تجہے گل رعنائی خیابان اوگے

عشق مین کہا ہے تہے جو گل تو پس مردن ہی
خاک مدفن سے میری سبز چراغان اوگے

دیکہنے بناد شب جو سراپے یار کے
نقشے بگڑ بگڑ گئے صبر و قرار کے

دیگر

دیگر

یار ساقی جو بنا نگئے پس ہم دون کے
لت مین انکے مزے خوب ہی لوٹے ہمنے

تم بگڑنے مین میری تقدیر ہو
اور نہ بننے مین میری تدبیر ہو

کون کہتا ہے کہ ہے تقدیر شرط
شرط ہے تقدیر گر تدبیر ہو

دیگر

اونکے بے دیکھے نہین ہتی طبیعت میری
ابتو خوبون کی محبت ہوئی عادت میری

بے اثر اشک گئے آہ نے تاثیر نہ کی
مفت برباد ہوئی ہائی یہ دولت میری

زلف بگڑی جو ہوا سے تو گئے اپنے حواس
اتنے ہی یہ ہوئی برباد جمعیت میری

لیک دامن ہی کو کیا رہتے ہو بیٹہے ناصح
آگے کیا کیا نہ دکہائیگی یہ وحشت میری

برا نہ جانے تو تقوی ماب کیا جانے
نہ پی ہو جسنے وہ قدر شراب کیا جانے

دکہائین آپنے تن نے چہاتیان اوسکو
وگرنہ آتما اوبہرنا حباب کیا جانے

نہ آیا خواب مین تو جسکے اوسکا خواب ہی گیا
نہ سویا ساتہ تو جسکے وہ خواب کیا جانے

حریق سوز جگر ہمنرہ ہے عشق بغیر
جلا نہ جسکا ہو دل وہ کباب کیا جانے

ماہ کو دیکہہ کے وہ ماہ لقا یاد آیا
چاند کیا آیا کہ خنجر لئے جلاد آیا

دیگر

دیگر

کبہی نہ سجدہ کیا بدگمان نے میرے ساتہ
قیام اوسنے کیا اپنے جب رکوع کیا

یہان کیون دانہ ہای سبحہ مین زنار کہتی ہین
مگر دیر و حرم مین شیخ جی طفل برہمن ہے

دیگر

دیکہکر اوس کافر کو کلمہ لگا پڑہنے حریق
ایک ہندو تہا یہان وہ ہی مسلمان ہو گیا

دیگر

ہجر نے خاک مین محبوبون کو ملایا ہے بہت
کیا عجب خاک سے گر سنبل و ریحان اوگے

دیگر

مر رہے ہین ہجر مین دلدار کے
تشنہ لب ہین شربت دیدار کے

لیکے بوسہ جو جہکے پستان پر
پہول توڑا تو پہل بہی ہاتہ آیا

رات جو انکے مزے خوب ہے لوٹے ہمنے
تازہ گلشن کے مزے خوب ہے لوٹے ہمنے

دیگر

بے اثر عاشق کی ہے مستی خراب
عشق ہو تو آہ مین تاثیر ہو

کعبہ مین عشاق کی زیارت کو شیخ
بت نہو تو یار کے تصویر ہو

مری ہے مر بندی کیون نہ ہو حسرت میری
ہائے کس ناز سے ٹہکراتے ہین تربت میری

جسکے مہجور رہا مر کے تیرے قرب سے دور
جینے مرنے مین برابر رہی قسمت میری

ایک ہی بات کا پورا نہین ملتا ہے جواب
اوسکی لکنت سی بڑہی اور بہی دقت میری

اگوی کیا کہ فرشتون کو بہی شک آتا ہے
جب وہ یک ناز سے ٹہکراتے ہین تربت میری

دیگر

بغل مین جسکے نہو ایک چاند سا معشوق
وہ لطف سیر شب ماہتاب کیا جانے

جسے نصیب نہو لذت وصال صنم
بہلا وہ لذت عہد شباب کیا جانے

صنم سے انکو نہین ہوتا ہے حال دل کا بیان
زبان دیکے سوال و جواب کیا جانے

دیگر

شب کو محفل مین جو وہ شوخ پری زاد آیا
خواب سے فتنہ اوٹہا حشر کا دن یاد آیا

سیر ہو کر دیکہنے پائے نہ روئے یار ہم
جلکے لائے نہ تاب گرمی دیدار ہم

حساب بوسہ نہ آیا کبہی درست اوس سے
اودہر وہ بہولا ادہر مین نے پہر شروع کیا

دیگر

بہار آئی وہی جوشِ جنون ہی اور بیابان ہے
جو کوئی اُن آگیا وہ آجتک پہر نہین آیا
ہوئے ختم اُس معما پر دہانِ یار سخندان کے
وہ پہونچے منزلِ مقصود کو طالب جو ہو سچا
خدا توفیق دے عشقِ حقیقی کی حریق ہمکو

چشم جام شراب ہین دونون
گو نہین ہین تری سوا ہی مین
کچہہ تو کر ہمکو قتل کر یا خوش
آتشِ ہجر حریق اب توڑ
دل ہجر سخت جبا ہین ویسے پہر چہاتیان
تیرے ملکِ حسن مین ہے آمد شاہِ شباب
کیسے ہو انکو قد موزون کے ہمسر یارو ان
وہ چراغِ حسن ہین فانوس محرم مین نہان
دفن کرنا زیرِ نخل نارو یارو مجھے
دیکہکر اوس قد موزون کے نشان اندر چہاتیان
کسو حسن جہانی کی ہین یہ دو تا جو
کیا خوشی ہے ایسے انکو یا خدا جو شبل گل
غیرت ہاتہ آئینکا نہین کہیہ تیری حریق
ترے قد بالا کا باندہا جو مضمون
فرزندکا ہے عشق اب دلمین اپنے
مسیحا کب ہے دل دوا چاہتا ہے
کسی دلا بے رحمی ہے جو بیکلی سی
شفق ہوئی یارب کس غضب کے ...
نہین ہے نام کو بھی خون ہا سب ہوا اشک ہوکر
پر او حور ملین یہ نزاکت تو نہین دیکہے

وہی جنت وہ وہی تلک ہاتہ من چاکِ گریبان ہے،
زمینِ کوہ ہی جانان بھی کوئی کیا باغ رضوان ہے
وہان یار رہی کوئی مگر اسرار پنہان ہے
بہلا آب رو ان کا کون رہبر یا بہ عمان ہے
کہ عشق ظاہر مین تو زبان دین و ایمان ہے

انسے عالم خراب ہین دونون
جان و دل ہم کباب ہین دونون
یہ تو کار ثواب ہین دونون
جگر و دل کباب ہین دونون
کیا کرینگی خنجر جفا یہہ ابرو ہمسر چہاتیان
اوڑہتی ہین تعظیم کو اوسکی مقرر چہاتیان
ایسے موقع کی نہین ہین اوسکے دلبر چہاتیان
کب ہین یہ اشعر و انگیا کے اندر چہاتیان
او مارا ہے مجھے اپنی دکھا کر چہاتیان
مانگتے ہین جسے اب سرو صنوبر چہاتیان
آج پہر کیسے رکھین اپنے اپر پر چہاتیان
ہو لکر کیون ہو گئین جامہ سے یا نہ چہاتیان
کیا ہوا اگر تمنے لکہین سب سے بہتر چہاتیان
مرا بول بالا ہوا چاہتا ہے
یہ کعبہ کلبا ہوا چاہتا ہے
تیرے لب سے قاتل شفا چاہتا ہے
نہ معلوم کیا گل کہلا چاہتا ہے
کہ جس سے گب جہتا رنگ ان ...
اگر ہی قتل تو تجکو کیا تیر ہی گردان
اگر ان ہے سایہ گل ادس ... نازنین

ہجوم آہ و افغان صور کا بہرتا ہے دم آ
نہین لے مہر و مشتری سے سوا خواہان کسیکی ہم
سبد غنچہ نی توڑا اور گل نی جام اپنا
کہین نہ کیون جنت مین ہنست مرحلا ...
یہ جو چشم پر آب ہین دونون
ہم نے دیکہا جو اُنکی آنکھونکو
وصل مین فکر ہے جدائی کا
دیر مین برہمن حرم مین شیخ
ہوکر کہتے ہین میرے دلکے اندر چہاتیان
نے ہوسے کمر کی تیر سینہ کا ابہار
یہ نزاکت یہ لطافت یہ بہار او سیمین کہان
ہے شکم تیرا جو بحرِ حسن تو گرداب ناف
قبہ الماس ہے یا قوت کی ہین یہ کلس
سر اوٹہاتی ہین یہ کس وقت پہر ...
جب بہار کیسے ہی جا جاتی ہی جوشِ حسن مین
رنگ میلا اونکا ہو جاتا ہی چہو گئے لے نسیم
ہے غرور حسن سے آج عرش پر دماغ انکا
لکہا ہے جو تیرے کمر کی صفت مین
دل سوختہ کو ہے اب تیری لو
ہوس شاعری کی کبھی عاشقی تہی
مگر آسمان بھی ہے اُس قد کا عاشق
مسی بیدہ لب تیرا ہنسی ہے برگ سوسن پر
جو پہر فاتحہ او نہ آنیکی خبر ہو تجے
جلایا سر مژگان آنکہونے مثل ... ہمکو
کیا ہے گل کو جا کر گلستان مین سر ...

ہین ہنگامہ محشر سے کم یہ روز ہجران ہے
عبث تو ہیر آگی ہم خوان ماہ کنعان ہے
تیر جانے سے اگلرو یہہ ابتر بزم لبستان ہے
کہ اوس رشک پری کو آجکل شغل گلستان ہے
بحرِ غم کے حباب ہین دونون
نرگس نیم خواب ہین دونون
وصل و فرقت عذاب ہین دونون
تیرے بیچھے خراب ہین دونون
راتدن پہر مین آنکہو مین سیاہ چہاتیان
وہان ہین عنقا کہان آئی بنکر چہاتیان
ناز سے کرتی ہین کیون تشابہ اکر چہاتیان
اور ہین شبل حباب او سیمین و مرمر چہاتیان
ٹہنیان رکہتی ہین یہ اونچے چہاتیان
کیا اوٹہا لینگی زمین کو اپنے سر پر چہاتیان
ہو گئیا انگیا کے اندر وہ اُبہر کر چہاتیان
حور کی بھی ہین نہین یہ زیر و زبر چہاتیان
پاؤن رکہین پہر بہلا کیونکر زمین پر چہاتیان
وہ مضمون عنقا ہوا چاہتا ہے
یہ انگشت شعلہ ہوا چاہتا ہے
حریق اب تو کیا کیا ہوا چاہتا ہے
نہین تو مرا کیون بُرا چاہتا ہے
نگاہ شوخ چتبک نہ ہے برق ... شعلہ
تو پہر کیا کیا او دا جہاتی ہے اپنی شمع مدفن پر
ہمین گر خون کا دعوے ہے تو ہو سی ... گرد
یہ غرق نجات کب ... اوس گلشن پر

۲۵- ترجمہ نظم ساج بنت یعنے کلیلہ و دمنہ ۲۶- لطائف الظرفا منتخب از کتب تواریخ ۲۷- ہدایت الشعرا منتخب از کتب تواریخ ۲۸- حکایت عدل و انصاف منتخب از کتب تواریخ- ۲۹- تاریخہائے عجیبہ انتخاب از کتب تواریخ ۳۰- تذکرۃ الصنائع- منتخب از کتب تواریخ ۳۱- بعضے از اشعار اساتذہ- منتخب از کتب تواریخ-

دیوان راقم کا مرتب نہین ویسے ہی مسودات متفرق پڑے ہین اور اونہین مین سے یہہ چند اشعار منتخب کرکے درج کرتا ہون ناظرین سے امید ہے کہ سہو و خطا کو معاف فرماوین-

عید کو بھی نہوا ماہ ہمبر مین ہون
اسکے دلنے نگیا آہ کدورتکا غبار
ہے صنم شان خدا شان ہے تیری پیدا
دلپہ زینت ہے سواد ہنر و علم و کمال
حال دل کہتا ہون رہ و آداد نہ بنے
قتل عام اب ترے کوچہ مین ہوا کرتا ہے
ہمکو معلوم ہے جاتا ہے جہان چھپ چھپ کر
میر مانند نہین کوئی جہان مین غمگین
جوش وحشت مین جو جاتا ہون مین صحرا کی طرف
کون ہے ایسا ترے جان نثار و نمین نہین
نہ تھا باغمین نرگس ترے آنکھونکا حیران ہے
تمہارے دید کو ہر یک ہے تن چشم انجان ہے
ہر رہ ہے جو ظالم ہے ید خندان ہے
زمین عرق قلب ہے اور چرخ مین ہے گرد ونکی
بھلا نسبت ہے کیا ہندوستان نسے مصر و کنعان کو
جسے کہتے ہین روز حشر وہ مہر حشر عالم مین
جو دیکھو چشم معنی سے تو ہے مہمان سرا لبنان
ہمین یک لک اوس تما دش اجالکو ہوے
دیا کاندھا جو اس نے سنگ پر ہی آگئی آفت ہے

بخت اتنا بھی نہ چمکا وہ بد اختر مین ہون
مرگیا اور ملا خاک مین ہنسکر مین ہون
سجدہ اشو جو ہو گرا اسمین فرین تو کا ہون
خاک غربت مین چھپا صورت اخگر مین ہون
ہوگئی ہے اپنی ہستی اعتبار اندنون
چال تو ابتو قیامت کے چلا کرتا ہے
پر تو کیون ہم سے پریزاد اڑا کرتا ہے
دہن زخم بھی میرا نہ ہنسا کرتا ہے
ہر بگولا اپنے تعظیم اوٹھا کرتا ہے
بات جو تجھہ مین ہے الگی وہ ہزارون مین نہین
ترے زلف پریشان کا تو سنبل پریشان ہے
فلک انجم سے نگران ہے زمین سبب سنبلستان ہے
تماشا بلبل وگل ہی سیر سرو باران ہے
مرا اشک رواں کا بھی کوئی طوفان ساطوفان ہے
کہ یہان ہر سر مین گلے جلوہ یوسف نمایان ہے
وہ میر ہجر کی شب اور دلکا داغ سوزان ہے
روان ہیجا یہ ہر سر وان وقت ہر گو آن ہے
انہونے جب سے دیکھا باغمین خرامان تجکو
مرتا ہوت سے یک عالم تخت سلیمان ہے

پھرتا ہون در در تجھے ڈھونڈتا گھر گھر مین ہون
کی خطا آپکی ابرو کو جو خنجر لکھا
مین انہین دیکھون وہ آئینہ کو دیکھا کرین
محو آرایش رخ ہے کیون دل ہمارا اندنون
شمع سان آنسو بہی کیون عشقبازی مین دلا
مین وفا کرتا ہون گر یار جفا کرتا ہے
بیخودی کیجئے نہ پردہ کہ یک پردہ نشین
فتنہ و شر ہے جو اوس شوخ کو ہی ربط تمام
کیا نہین دیکھا ہے لعل تر پہ ڈر کی جگہہ
اٹھا کر آشنا نہ صحبت یاران دانا ہے
جو تیرے مصحف رخ پہ لکھا ہے خط ریحان ہے
چمن ایسا ہے ساقی ہے مے ہے اور غزلخوان ہے
دہن غنچہ ہی نرگس چشم ہی گل رخ ہی خط ریحان
خیال زلف و خال سے یہ عالم کو لالہ
زمین شعر مین ہول رہتا ہے خواکر نخال کا
ترے گیسوے پیچان کا جو سنتا ہے مجھے سودا
سامنے تیرے درد انکو نکی قلم ہوتے دکھاتا ہے
حسین یہ بھی ایک ہے سمن پا برخ عالم مین
سکونت ہے خانہ زنبور پر کیا کیا

کھیلتا عشق مین اسکام کی جو سر مین ہون
قتل چاہو تو کرو قابل خنجر مین ہون
اونکی حیرانی یہ کچھ اور بھی ششدر مین ہون
آئیگی کیا باغ مین انکی سواری اندنون
سر نہ کٹوائے کہین یہ خامکار اندنون
جسکا جو کام ہے وہ اپنا کیا کرتا ہے
خال دلمین مرا ابتو لیسا کرتا ہے
اس لیے عطر بھی فتنہ کا ملا کرتا ہے
جا کبھی اس غرفہ و منظر مین اگر کیجے
سدا الجھاتی ہے تیرے چرخ خضر مو دلنا
پڑا جاتا نہین اک حرف ہے یہ کیسا قرآن ہے
جو تم آجاؤ ایسے مین تو سب عشرت کا سامان ہے
ترا نقطہ بھی کیا کم ہے باغ ارم رشک بستان ہے
لب آب مین حق حون ہی گو ہے اور یہ میدان ہے
ترے رقا کا مضمون بند ہاں جیسے کہ ایجان ہے
تو بعد مرگ بھلا قبر پہ عشق پیچان ہے
یہ کاغذ مخزن دل ہے تصویر لیسا
نکوئی سرو قد تجھسا نکوئی ماہ لستان ہے
شب مین جو یہ ہو شب وہ دین ویران ہے

گلدستہ ادب۔ اسکی صلہ تالیف مین سو روپئے گورنمنٹ ممالک مغربی سے انعام ملا اور مطبع نولکشور لکہنؤ مین چھپی ہوئی ہے۔
۷۔ خواب راجستان۔ مطبع نول کشور مین چھپی۔
۸۔ سوانح عمری نوشیروان بادشاہ۔ مطبع خیر خواہ عالم دہلی مین چھپا۔
۹۔ جواہر التعبیر ترجمہ سنسکرت سپن چنتامنی " " "
۱۰۔ نفائس التواریخ۔ حالات حکمار سلف مین۔ " "
۱۱۔ تاریخ تزک ہند " " " "
۱۲۔ تعلیم النسار۔ اسکے صلہ تالیف مین بہی گورنمنٹ ممالک مغربی سے سو روپیہ ملا تہا۔ مطبع مذکورہ بالا مین چھپی ہے۔

مندرجہ ذیل کتابین تیار ہین مگر ابھی چھپی نہین

۱۔ تواریخ مارواڑ۔ اسکے صلہ تالیف مین تین سو روپیہ گورنمنٹ ممالک مغربی سے عطا ہوا ہے۔
۲۔ عجائب التواریخ۔ واقعات عالم بقید سنین ہبوط آدم۔
۳۔ احکام نوشیروانی۔ ترجمہ توقیعات کسریٰ۔
۴۔ معیار الشعرائے ہنود۔ ہندو شاعرون کی فارسی کلام کا تذکرہ۔
۵۔ ناری نورتن۔ عورتون کے پڑہانے کی ہندی کتاب۔
۶۔ مضامین دلنشین۔ متعلق ترقی و بہبود قوم کا پتہ۔
۷۔ مصائب زندگی۔ سوانح عمری راجہ کرن باگہلا والی گجرات ہمعصر علار الدین خلجی۔
۸۔ حل لغات حقائق الموجودات۔

مندرجہ ذیل کتب ناتمام ہین

۱۔ خلاصہ مہابہارت ۲۔ ترجمہ مہابہارت ۳۔ سنین ہجری۔ تاریخ عام اہل اسلام بقید سنہ ہجری سنہ ۱ ہجری سے اسوقت تک ۴۔ سنین عیسے۔ یورپ وچین کی تواریخ سنہ ۱ء سے اسوقت تک۔ ۵ سنین ہند ہندوستان کی تواریخ سست آیکرم سے اسوقت تک۔ ۶ تواریخ جے پور ۷ تواریخ ریاست سروہی ۸ تواریخ ٹونک۔ ۹۔ تواریخ ریاست اودے پور۔ ۱۰ تواریخ ریاست الور۔ ۱۱۔ تواریخ ریاست ایدڑ ۱۲ تواریخ ریاست بوندی ۱۳ تواریخ ریاست کوٹہ۔ ۱۴۔ تواریخ جہالاواڑ ۱۵۔ تواریخ بہرتپور۔ ۱۶۔ تواریخ بیکانیر ۱۷۔ تواریخ جیسلمیر ۱۸۔ تواریخ مفصل مارواڑ۔ ۱۹۔ تواریخ ریاست بانسواڑہ۔ ۲۰۔ تواریخ ڈونگرپور۔ ۲۱۔ تواریخ دیولیہ پرتاب گڈہ ۲۲۔ تواریخ اجمیر۔ ۲۳۔ تواریخ ریاست کشن گڈہ ۲۴۔ تواریخ راجپوتان متفرق جوائب رئیس نہین ہین۔

روشن ضمیری کے زمانہ ہین کوئی نہ خود کسیکی غلامی مین رہنا چاہتا ہے اور نہ اپنی قوم کا رہنا گوارا کرتا ہے
اور اسی خیال سے بعض اوقات مجبوراً اون قیدون کے اوٹھا دینے کی کوشش بہی در پردہ زبانی گفتگو
اور دربار مین عرض معروض کرانے وغیرہ سے کیجاتی تہی اور یہہ ہی امر باعث بدظنی رئیس کا ہوا جسکے ۱۹۲۵ کے
کے شروع مین دفعتاً راقم کی نسبت حکم ہوا کہ یہان سے چلے جاؤ راقم کو بہی یہہ ہی منظور تہا اسلئے بلا عذر وناملِ
وہان کاروزگار چھوڑکر اور اپنے آقا صاحبزادہ حامد خان صاحب سے نیکنامی کی چٹہی لیکر اجمیر مین چلا آیا
بعد آنے راقم کے راقم کی تمام کوششین مشکور ہوگئین اور رئیس نے حالات زمانہ سے اندیشہ ناک
ہوکر ہندؤن کو شرعی قیدون سے آزاد کردیا - دیکہو اودہ اخبار مطبوعہ ۵ مارچ ۱۹۰۹ء - یہان
صاحبزادہ محمد عبید اللہ خان صاحب بہادر نائب ریاست ٹونک کے فرزند ارجمند صاحبزادہ محمد عبدالعلیم خان
جو نواسے صاحبزادہ عبد الکریم خان صاحب مرحوم کے ہین میو کالج مین بضرورت تعلیم انگریزی رہتے
تہے اور انکے اتالیق منشی رام چندر کو ایک محرر حساب دان کی ضرورت تہی اسوجہہ سے بوجہ تعارف
سابقہ کے وہان میرا روزگار ہوگیا لیکن سال بہر کے اندر ہی تنخواہ بقدر ثلث تخفیف ہوکر بہت سا
وعدہ وعید آئندہ ترقی و پرورش کے لئے ہوا وہان تنخواہ گو پہلے ہی قلیل تہی مگر راقم اس خیال سے
کہ ایک مدت تک جناب والدین کی خدمت سے مہجور رہا اور اب جو یہ سعادت حاصل ہے تو اسقدر
قلیل پر قناعت کرنا چاہئے تاکہ تلافی مافات ہو بجفا وکفا گزر اوقات کرتا رہا پر اب جو یہانتک نوبت
پہونچی تو ناچار باہر جانے اور روزگار تلاش کرنے کی ضرورت ہوئی لیکن اوسی عرصہ مین میرے چہوٹے
بہائی بابو بہاری لال کے ذریعہ سے بتعارف پنڈت نراین سہائے جی و مادہو پرشاد جی کہ یہ دونو
بڑے بامروت اور باوضع آدمی ہین ریاست جودہ پور مین صورت روزگار کی ہوگئی چنانچہ
ابتک کہ چار برس ہوئے راقم یہان محکمہ اپیل مین نائب سررشتہ دار ہے اور سب لوگ بفضل الٰہی
راقم سے خوش ہین - اور ابتک مندرجہ ذیل کتب تصنیفات راقم سے منطبع و مشتہر ہوچکی ہین

۱ - لطائف ہندی - پٹیالہ مین چھپی -

۲ - افسانہ خرد افروز یعنے قصۂ بہرام و بہرور - مطبع مفید عام آگرہ مین چھپی اور کئی سو جلدین اسکی سرکاری اسکولون اور کتب خانہ جات مین لی گئی ہین -

۳ - تاریخ میواڑ ترجمہ راج پرستی - مطبع منشی نولکشور لکہنؤ مین چہپی -

۴ - رسالہ جہل جواب تاریخی ایضاً ایضاً

۵ - کارنامہ نوآئین یعنے تقویم مونڈ المورخین ۔ ررمکرر

اور عجیب نشین اور بزرگوار شخص تھے راقم کو اون کے الطاف و مکارم بزرگانہ اب تک بخوبی یاد ہین اور یہ جو کچھہ نوشتہ بدہ راقم کو حاصل ہے اوہنین کی برکت سے ہے الحاصل راقم نے پندرہ سولہ برس کی عمر تک گھر ہی جناب والد بزرگوار سے لکھنا پڑھنا سیکھا اور بعد اسکے کچھہ صورت ناخن بندی کی صاحبزادہ عبدالکریم خان صاحب مغفور کی سرکار مین ہوگئی اور سمت ۱۹۲۱ مین کسیقدر اضافہ بھی ہوا اور سرکار ممدوح مثل والد ماجد کے راقم سے بھی خوشنود اور رضامند رہتے تھے اور اون کے صاحبزادے محمد خان صاحب اور حامد خان صاحب اور محمد سعید خان صاحب بھی بچپن سے راقم کا لحاظ اور خیال رکھتے تھے اور ان تینون لایق صاحبزادون کو نواب وزیر الدولہ بہادر رئیس ٹونک بہت پسند کرتے تھے اور مثل اپنے حقیقی صاحبزادون کے اپنے پاس رکھتے تھے اور کوئی ٹونک مین نہین کہنے پاتا تھا کہ یہہ حضور کے بھتیجے ہین اور بعد انتقال نواب صاحب ممدوح کے جو سمت ۱۹۲۰ مین ہوا اون کے جانشین نواب محمد علی خان بہادر بھی ان صاحبزادون کی بہت خاطر کرتے تھے سمت ۱۹۲۲ مین صاحبزادہ محمد خان صاحب ٹونک سے اجمیر مین آئے اور راقم کو اپنے ساتھہ لیگئے۔ شعر کی طرف راقم کو شوق تو پہلے بھی تھا لیکن یہان آکر بسبب فرمایش آقار نامدار کی طرح پر غزلین کہنا اور مشاعرون مین جانا پڑا چنانچہ یہ اتفاق پہلے پہل صاحبزادہ احمد علیخان صاحب رونق تخلص کے مشاعرہ مین ہوا طرح یہہ تھی | کچھہ بھی بن آتی نہین کیا کیجے | اسپر جو غزل راقم نے صاحبزادہ ممدوح کے اصرار سے لکھی تھی اوسکے چند شعر حاضرین جلسہ کو بہت پسند آئے اور یہ باعث حوصلہ کا آئندہ کے لئے ہوا۔ صاحبزادہ صاحب نے تو تخلص حریق تجویز کیا تھا مگر والد ماجد نے بشاش رکھا راقم نے تبرک سمجھکر دونو ہی تخلص بحال رہنے دئے۔ سمت ۱۹۲۶ مین صاحبزادے عبدالکریم خان صاحب تیس برس بعد حسب الطلب نواب ابراہیم علیخان صاحب بہادر رئیس حال ٹونک کی جو سمت ۱۹۲۴ مین بعد معزولی اپنے والد نواب محمد علی خان صاحب بہادر کے مسند نشین ہوئے تھے اپنے خاندان سے ملنے کے لئے ٹونک مین تشریف لائے اور ڈیڑہ مہینے بعد قضاء الٰہی سے ہیضہ مین مبتلا ہوکر جان بحق ہوئے اس واقعہ سے چند عرصہ بعد جو اونکے صاحبزادون مین تقسیم ترکہ وغیرہ سے باہم صفائی ہوئی تو والد ماجد کو تو انگلشو دیدی اور راقم کو صاحبزادہ حامد خان صاحب نے اپنی طرف لے لیا چنانچہ سمت ۱۹۳۴ تک راقم اونکے سرکار مین رہا مگر چونکہ وہان ریاست کیطرف سے بنظر تعصب مذہب جو لوازم دین اسلام سے ہے ہندوؤن کے اوپر سخت سخت قیدین لگی ہوئی تھین جیسے مندر نہ بنانے پائین اور پرانے مندرون کی مرمت نکرسکین وغیرہ وغیرہ اور اسکے سوا سے مسلمان لوگ بزعم حکومت عموماً ہندوؤن سے سختی کے ساتھہ پیش آیا کرتے تھے اس لئے راقم کو ہمیشہ وہان کے رہنے سے دل مین کراہیت رہا کرتی تھی کیونکہ اس آزادی اور

سرکار انگریزیہ بہادر نے تمام غارت گرون اور مرہٹہ سردارون کو ایک جگہہ بٹھا دیا اور ملک مین ہر جگہہ امن امان
ہو گیا اب جناب ممدوح کو البتہ ایک گونہ عسرت لاحق ہوئی کیونکہ وہ زیادہ تر پڑھے لکھے نہین تھے اور اون کا شوق
اور رجحان طبیعت اوس زمانے کے تقاضے اور منشا کے بموجب زیادہ تر سپاہگری کی طرف تھا اور اوسی عہد
یعنے جنگ پنڈارہ کے قریب سمت ١٨۶۶ مین میرے والد بزرگوار منشی نتھن لال صاحب کی ولادت شہر سرونج مین
ہوئی اور چند سال بعد اسکے جناب دادا صاحب اپنے قبائل کو لیکر ٹونک مین کہ جہان نواب امیر خان مرحوم
نے سکونت اختیار کی تھی اپنے خسر بخشی دولت راے کے پاس چلے آئے اور وہان جناب والد ماجد نے
بطل تربیت اپنے نانا صاحب کے علم کی تحصیل اور کسب کمال کیا اور بعد وفات نوابصاحب مغفور اور
بخشی صاحب ممدوح کے جو سنہ ١٢٨۵ ہجری مین واقع ہوئی صاحبزادہ عبد الکریم خانصاحب خلف اصغر نوابصاحب
مرحوم کی سرکار مین عہدہ منشی گری و پیشکاری کامداران مین نوکر ہو گئے اور عرصہ چند سال تک جناب
صاحبزادۂ ممدوح کے ہمراہ واسطے پیروی مقدمہ تقسیم ریاست کے جو جناب ممدوح نے اپنے بھائی
نواب وزیر الدولہ بہادر مبرور کے اوپر سرکار انگریزی مین دائر کر رکھا تھا بھوپال گوالیار دہلی آگرہ
متھرا اور اجمیر وغیرہ پھرتے رہے اور آخر بعد انفصال مقدمہ جب صاحبزادہ صاحب بہادر مغفور نے
اجمیر مین رہنا اختیار کیا تو والد موصوف نے بھی وہین مکان بنا کر تمام متعلقان خانہ کو سمت ١٩٠٠ مین ٹونک
سے وہان بلوا لیا سمت ١٩٠١ کی ماہ سودی ۵ کو راقم آثم کی ولادت مقام جے پور مین اپنے نانا حکیم شنکر لال جے
کے گھر ہوئی جو ایک بڑے نیک دل اور فقیر دوست آدمی تھے دادا صاحب کشن چند سمت ١٩٠۵ کے بیساکھ
مین راقم آثم کو اجمیر مین لے آئے اور سب سے پہلے اونہون نے ہی راقم کی تعلیم تربیت مین بدل توجہ
فرمائی چنانچہ الف بی تے پڑھانے کے بعد دادا صاحب گھاسی رام جی کے ہاتھہ کا لکھا کریما پڑھایا بعدہ
جناب والد بزرگوار نے اپنی اوقات گرامی کو راقم کے نوشتخواند مین صرف کیا سمت ١٩١٢ مین راقم کے نانا
صاحب نے راقم کو اپنے پاس جے پور مین بلایا اوس وقت راقم گلستان پڑھتا تھا جناب ممدوح گو
بخوبی پڑھا لکھا سکتے تھے لیکن بنظر تبرک اپنے اُستادزادون کے پاس لیگئے اور سپرد کر آئے چنانچہ راقم
نے عرصہ قریب ڈیڑھ سال تک وہان مولوی امان اللہ و حفیظ اللہ وغیرہ سے جو بڑے مہربان و ذی علم
اشخاص تھے تحصیل علم کیا اس عرصہ مین جناب نانا صاحب کا انتقال ماہ کاتک سمت ١٩١۴ مین ہو گیا اور یہ باعث
سبب اکہہ سمت ١٩١۵ مین جناب قبلہ گاہصاحب جے پور تشریف لیجا کر راقم کو اپنی ہمراہ اجمیر مین لے آئے
اوس وقت جناب دادا صاحب بیمار تھے اور اون کی بیماری طول پکڑتی جاتی تھی یہان تک کہ کوئی
دوا کارگر نہ ہوئی آخر ماہ کاتک مین وہ بھی جان بحق ہوئے۔ عمر آپ کی ساٹھہ برس سے کچھہ اوپر تھی

بشاش - تخلص - اضعف العباد دیبی پرشاد مولف تذکرہ ہذا - ہر چند کہ شاعر نہین مگر شاعرون کا نام لیوا ہے اور کبھی کبھی اردو فارسی کی بہی تک بندی کر لیتا ہے اس لئے دوستون کے اصرار سے لاچار ہو کر کچہہ حال اور کلام اپنا بہی یادگاری کے واسطے لکہتا ہے - یہ مسکین قوم سے کایتہ سکسینہ ہے وطن بزرگون کا بہوپال ہے مگر دو پشت سے اجمیر مین آب و دانہ کے تقاضے سے قیام ہے بندیکے دادا کے پردادا منشی نرسنگہہ داس ریاست بہوپال کے معزز ملازم تہے اون کے صاحبزادے منشی عالم چند بہت لائق اور عالم ہوئے اونکے صاحبزادے منشی گہاسی رام علمیت اور خوشنویسی مین اپنا جواب نہین رکھتے تہے چند کتابین اون کی ہاتہہ کی لکہی بخط نستعلیق و شفیعہ و شکستہ وغیرہ بندہ کے پاس موجود ہین اور اون سے اون کا کمال فن خطاطی مین ظاہر ہے اوسوقت چہاپہ نہین تہا اور قلمی کتابون کی بہت قدر تہی اس سبب سے آپکی خوشنویسی سے بخوبی آمدنی ہو جاتی تہی اور آپ بلا کسیکی نوکری چاکری کے خوش گزران تہے مگر بعد وفات آپ کے جو لالہ کشن چند دادا راقم کے خورد سال رہ گئے اور ریاست والون نے رشتہ دارون کی چغلخوری سے کئی بار گھر لوٹ لیا اس سبب سے دادا صاحب اور اون کے والدہ ماجدہ کی اوقات تنگی اور تکلیف سے بسر ہونے لگی نواب امیر خان جو بعد کو رئیس ٹونک اور بڑے نامی شخص ہندوستان مین ہوئے اوسوقت مالوہ مین بخت آزمائی کرتے پہرتے تہے اور اوس عرصہ مین وہ بہوپال مین تہے چونکہ دادا صاحب کی شادی اون کے بخشی دولت رائے کے صاحبزادی سے ہو گئی تہی اس لئے اسد فعہ وہ دادا صاحب کو واسطے تعلیم و تربیت کے اپنے ساتہہ لے گئے اور جنابہ دادی صاحبہ خورد کلان بہوپال مین ہی رہین - کچہہ عرصہ بعد ناگپور کے راجہ نے بہت سی فوج لاکر بہوپال کو گہیر لیا اور یہہ گہیرہ بہت دنون تک سختی کے ساتہہ لگا رہا جس سے شہر مین غلہ کی قلت یہان تک ہوئی کہ سیر بہر چانول پانچ روپیہ کو آتے تہے اور غریب لوگ بہوکون کے مارے مرتے تہے اور جنکو موقع ملتا تہا وہ شہر سے نکل بہی بہاگتے تہے آخر اسیطرح ایکدن ہماری دادی صاحبون کو بہی بے سر و سامان جان لیکر نکل جانا پڑا اوسوقت وہ گہر اور جو سامان اوس مین تہا اپنے رشتہ دارون کو سونپ آئی تہین سو وہ اون کے ہی قبضہ مین رہا مگر افسوس یہ ہے کہ اون حضرات نے کتب دستخطی جناب دادا صاحب گہاسی رام جی جو دو صندوقون مین بند تہین بیچ بیچ کر زیور بنوا لیا دادا صاحب کے پاس جو دو چار کتابین رہین وہ وہی تہین جو اونکے خسر اونکے پڑہانے کے لئے لے آئے تہے خیر دونو دادی صاحب بہوپال چہوڑ کر شہر سرونج علاقہ مالوہ مین جو اب شامل ریاست ٹونک ہے آرہین اور وہان اٹہارہ برس تک اتفاق سکونت کا رہا اور دادا صاحب کشن چند جی نواب امیر خان کے چلتے پہرتے لشکرون مین بفراغت اپنا اور اپنے متعلقون کا گزارہ کرتے رہے مگر بعد جنگ پنڈارہ جو

ملتا ہے وہ مضمون ہمین ذہن رسا سے | رہجاتا ہے جو بندش فکر شعرا سے
اُس گل کا نہ لائے کبھی پیغام ہماری | شرمندہ کبھی ہین ہوا باد صبا سے
کعبہ کیطرف نشہ مین کسطرح سے جاؤن | دشوار سنبھلنا ہے مجھے لغزش پا سے
آتا ہے نظر ہاتھہ مین اُس شوخ کے جو وقت | ہوتا ہی نہو چاک عمر از رنگ حنا سے
لایا جو شب ہجر مین اہل زبان پر | تاثیر ہم آغوش ہوئی آکی دعا سے
مارا ہی جنہین آپنے آنکھون کی حیا سے | اب انکو جلاؤ لب اعجاز نما سے
مشتاق جب الجہتا ہی تری زلف دوتا سے | ڈرتا ہے ہمارا دل صد چاک بلا سے
تاحشر جدا ہون نہ مین اُس حور لقا سے | خواہش ہے اگر ملین تو نہی ہی خدا سے
لیکر کہین جھلے کو کری مجھکو نہ بدنام | اتنا ہے فقط خوف ترے زرد حنا سے
باقی نہ رہی خواہش ہے بادہ کشی مجھکو | بیہوش کچھہ ایسے ہوئے ساقی کی صلا سے
سچ پوچھئے تو خاک در یار پہ مجھکو | آرام ہے بڑھکر کہین نقش کف پا سے

بانع - تخلص - لالہ ہرے ہربنس رائے قوم کایتھہ بھٹ ناگر ساکن گلاوٹھی ضلع بلند شہر وکیل عدالت منصفی فارسی مین اچھی استعداد رکھتے تھے دو برس ہوئے کہ گزر گئے یہ شعر اون کا ٹھاکر گلاب سنگھ مشتاق نے بھیجا تھا سو یہان درج ہوا

نام بانع کا مری فہرست مین داخل نہین ؛ | کیون نہین کرتی ہو خارج غیر سے بولادہ شوخ ؛؛

برج لال - متخلص باسم خود - وکیل کاپنور کوئی صاحب ہین جنکا ایک قصیدہ منشی ایسری پرشاد سررشتہ دار عدالت ضلع کانپور کی مدح مین دیکھا گیا اوس سے یہہ دو شعر منتخب ہوئے -

لوائے علم و ہنر کا ہے اوسکے اسکہ بلند | نہین ہے طائر فہم و خرد کا جسپہ گزار
ہزار شکر بدرگاہ حقتعالی ہے | کہ فضل اپنے سے اُسکو کیا سررشتہ دار

برق - تخلص - لالہ شیو سہای ساکن میرٹھہ وکیل عدالت منصفی شاگرد غلام محی الدین عشق و مبتلا - ابتک عمر اون کی ساٹھہ سے زیادہ ہے -

اُسکی چوٹی پہ ہاتھہ کیون ڈالا | برق نادان کو مار کہانے دو

بسمل - تخلص - پنڈت موتی لال - اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر و میر منشی نواب لفٹننٹ گورنر بہادر ملک پنجاب باشندہ دہلی - رونق افروز لاہور ہین - قوم کشمیری انگریزی زبان کی فاضل اور فارسی مین بہی اچھے ماہر ہین اور شعر بہی موزونی طبع سے خوب موزون کرتے ہین - چنانچہ یہ شعر اون کا ہے - اور یہہ صاحب اس زمانہ کے نامبرآوردہ اور لایق فائق شخصون مین ہین

گہر پڑا ہے تیری تر یاس سے مرجاتا ہون | بس ادہر آتا ہون مین اور ادہر جاتا ہون

بسمل تخلص - پنڈت سندرلال آبجہانی سررشتہ دار پرمٹ کانپور ولد بخشی ٹیکا رام برہمن کشمیری باشندہ لکھنؤ شاگرد شیخ امام بخش ناسخ -

بچہ مرجان ہین یہ دست حنائی کی جگہ | یہ بشر کی انگلیان ہین یہ شجر کی انگلیان
یہ نہین ناخون ہی طفل برہمن ہاتھہ مین | دانتونکی نیچے دبائین ین عیارانے انگلیان
گر رہا ہے مرغ دل اپنا یہ شیون ہاتھہ مین | مین جو چٹکانی لگا اُسن سیمبر کی انگلیان

برہمن تخلص - نام نامعلوم - یہ دو شعر ان حضرت کے گل و صنوبر کے اردو ترجمہ مصنفہ ہم سے لیکر لکھے گئے

یہ نہ جانو کہ مرا آنکھہ سے آنسو ٹپکا | نشتر عشق لگا جس سے کہ لوہو ٹپکا
برہمن عشق بتان کی ہو لذت معلوم | پکے پھوڑے کی طرح جب دل ابد ٹپکا

بریان - تخلص - پنڈت گنیشی لعل اور حال معلوم نہوا اور یہہ دو شعر اون کے ہین -

غیر کی پہلو مین تھا ہو نہ پہر چونسٹھہ گہڑی | ہائے قسمت یہ ستم اُٹھاؤ پہر چونسٹھہ گہڑی
شام او رخنداں پہرین ہین روز رہے بعد شب | مین بہرو یا چشم نم اٹھاؤن پہر چونسٹھہ گہڑی

ان کتابون کی عبارت بہت صاف شیرین عام فہم اور دلنشین ہے اونکی مطالعے سے ہر ایک ہندو اپنے اور مسلمانون کی مذہب کی حقیقت اور ماہیت سے واقف ہونیکا فائدہ اوٹھا سکتا ہے علاوہ اسکی بہت کچھ عمدہ ذکر اونکے خوارق عادات کا بہی سننے مین آیا ہے اور اونکا دم فی زماننا ہندوستان مین مغتنمات سے ہے اونکی تصنیفات نے بہت سے کم علم اور مذہب سے ناواقف ہندوونکو مسلمان اور کرسٹان ہونے سے محفوظ رکھا ہے سوائے کتب مباحثہ مذہب کے اور کوئی تصنیف اونکی ہمارے دیکھنے مین نہین آئی اور نہ کوئی کلام نظم قسم غزل و شعر وغیرہ سے معائنہ اور مسموع ہوا لہذا یہہ چند شعر اونکے جو خاکساری کی صفت مین مین کتاب اصول دین احمد سے بضرورت یادگار منتخب ہوکر یہان درج کیے گئے -

جو شب خاک رہ پرا تما ہین — سمجھتے خاک ہی کو کیمیا ہین — جو ہین وہ خاکسار حضرت پاک — ہوئی ہو جسطی آلودہ خاک

جو ہو وے خاک بیز کوی دلدار — اوسی ہے خاک سے ہر دم سروکار — جسے زر خاک سے حاصل ہوا ہے — ہی خاک اوسکے حق مین کیمیا ہے

تو جا کر بیا ریون سے پوچھ خود سر — کہ ہی خاک اوسکو سونے کے برابر — نہ ہرگز خاکسار و رنج ہو بد ظن — کہ ہو وے خاک سے آئینہ روشن

نہ اصلا خاک پر کر طعن بیباک — کہ دنیا اول و آخر مین ہی خاک — بباعث خاک کے ہی باغ و بستان — بدولت خاک کے ہی کاخ و ایوان

عیان ہو خاک سے لعل بدخشان — ہو ظاہر خاک سے یاقوت رمان — زر گل خاک سے آتا ہے بیرون — دیا ہی خاک ہی مین گنج قارون

ہیں صرف خاک ہوئے ہین خزاین — اسے مین دفن رہتی ہین دفاین — ہوا ہے قدسیونکا جاکے افسر — رکھا ہی جسنے اپنا خاک پر سر

بظاہر دیکھ لے ای حق فراموش — کہ دریا کی کیا ہی خاک سے جوش — طفیل خاک سے ہے روئیدگی سب — بدولت اسکی ہین چشمی لبالب

تو خود بہی خاک ہے ای خاک بر سر — غرور اتنا نہ مشت خاک پر کر — غرض ہے خاک ہی سے سب جز و کل — سمجھ ہے تیرا اسی سے بی تامل

انور - تخلص پنڈت بشمبر ناتھ لکھنوی ولد کیشو ناتھ شاگرد آغا حسین مرزا عشق و معصوم طوطی -

مجھ پر جو گزرتی ہی ہر روز شب ہے یاد — خود حال آئینہ ہے کوئی کیا خبر کری — کیون شام ہی گہبر آگئے ہو ٹہرو صاحب — شوق سے گہر چلی جائیو کچھ رات رہے

زلف کی تنی یاد دیہہ کیا ناتوان مجھے — تار نفس بہی اتنا ہے بار گران مجھے — نسبت ازل سے عاشق و معشوق کو رہی — وہ بید مین ہو گئے تو کیا بیزبان مجھے

ہے غمگسار مین ہوں ہم ہر درد مین — کب بہولتی ہین نالہ و آہ و فغان مجھے — یاد روئے وہ قافلہ سے کھلی چشم دہر مین — ستر ہوئی ہی گردش کاروان مجھے

اوباش - تخلص منشی جہنولال ریختی گو سکنہ دلی کچھ کلام انکا منشی درگا پرشاد صاحب نادر نے بہیجا تھا از انجملہ یہہ چند شعر اس تذکرہ کے لئے منتخب ہوئے

اوباش تیری چال کو گو پہچان گئے مین — کچھ میر لیط فسی اوسے سوکن نے لکہا تہا — تو رات گہر مین نہ تیرے آیا تو مین تہا — غصہ مین بہرا بیٹہا تہا اور چنین بچیز تہا

اہل - تخلص جانکی بی بی صاحبہ پردہ نشینان شہر الہ آباد سے ہین اور شاید کہ قوم کی کایتھ ہون اور بشرط صحت اس خبر کے ہم اسبات کا بہی فخر کر سکتے ہین کہ شاعرہ عورتین ہماری قوم مین بہی موجود ہین - دو غزلین انکی ہمکو ایک عنایت فرما کی معرفت پہنچی ہین اور طرز کلام سے واضح ہے کہ بی بی صاحبہ ممدوحہ بڑی خوش فکر اور صاحب ذہن سلیم ہین اور اونکو اس فن مین خوب مشق ہے -

تو نی تو رہا کر ہی دیا زلف دوتا سے — ہم جان سے جائین بہی اب تیری بلا سے

تاریخ گرفتگی غازی احمد مختار پاشا

جو بہاگا احمد مختار پاشا غازی رومی
ملا یہ سالِ تاریخ کہا بس احمد غازی لقب بہاگا

الفت - تخلص منگل سین قوم کایتھہ ساکنہ عظیم آباد جنہون نے دہلی مین آکر جرأت سے اصلاح لی تھی اور اونکے اس شعر سے مترشح ہوتا ہے کہ اچھی طبیعت رکھتے تھے -

ہار قدم پر ہے یہانتک آئینہ سوز نیاز مین
کیونکہ گہر جانے لگے شام و سحر دو چار کے

الفتی - راجہ پیارے لال عظیم آبادی ولد رای سکہن جی عظیم آباد کے مشہور صوبہ دار راجہ رام نراین موزون تخلص کے وارث ہین اور رئیس اعظم اوس ناحیہ کے ہین فارسی بہی کہتے ہین اور اردو مین بہی داد سخن دیتے ہین چنانچہ یہہ شعر اونکا اونکی کلام کی صفائی کا عمدہ نمونہ ہے -

جسجگہ بیٹھے وہین کے ہو رہے
خاکساری سے مثال نقش پا

امانت تخلص لالہ امانت راے جو محلہ دریبہ واقع دہلی مین رہتے تہے اور حال اونکا معلوم نہوا شاید یہہ وہی امانت راے ہون کہ جنہون نے راماین اور بہاگوت کا فارسی منظوم ترجمہ کیا ہے -

تشریف یہان نہ لاؤ پر نامہ تو بہیجو
مت کچھ خبر ہماری اپنی خبر تو بہیجو

امیر - تخلص جوالاشنکر ولد گنگا دت قوم کایتھہ سکسینہ باشندۂ بریلی ایک ذی استعداد اور نیک نفس آدمی ہین اونکی تصنیفات سے مثنوی کتھا ست نراین مسمّی بہ دافع عذاب یکہی ہے جو ۱۸۸۱ء مین چہپی ہے کتھا واقعی دلچسپ اور قابل دیکہنے کے ہے اوسکی نظم بہت سلیس اور شیرین ہے چنانچہ یہہ چند شعر بطور نمونہ اوسمین سے یہان درج کئے جاتے ہین

زبان پر ست نراین کا ہی نام
جمال اوسکا تماشا روبرو ہے

کہ جس سے جان کو تن مین آرام
چمن مین گل ہی گل ہین رنگ و بو کی
بیان کیا کر سکے یہہ پیکر خاک

اوسی کی ہر طرف جلوہ گری ہے
جدا ہے سب سے لیکن ہے ہر اکجا
بجز اسکے کہ ہے وہ ایزد پاک

کہین زہرہ کہین وہ مشتری ہے
دوئی سے دور ہے یکتا ہے یکتا

اندرمن - متخلص باسم خود زبدۂ محققان نو و کہن قدوۂ موحدان فخر زمن منشی اندرمن جو آج علم و فضل مین اپنے وقت کی یکتا ہین اور جنکی علمیت و فضیلت کا شہرہ تمام ہندوستان مین پہیلا ہوا ہے یہہ قوم سے مہاجن ہین اور مرادآباد کو اونکی سکونت سے شرف حاصل ہے اونکو جسقدر عبور مذہبی علوم اور کتب شاستر مین ہے اوسیقدر مسلمانون اور انگریزون کے علم دین مین بہی ہے اونہون نے مباحثہ مذہبی مین بڑی شہرت اور ناموری پائی ہے اور اب تک حسب مندرجہ ذیل کتب اردو اور فارسی مین تصنیف کر چکے ہین - ۱ - تحفۃ الاسلام - بجواب کتاب تحفۃ الہند مولوی عبید اللہ صاحب

۲ - ابطال التناسخین - بجواب اثبات الاصنام و اعجاز محمدی - ۳ - حملہ ہند - ۴ - صولت ہند -
۵ - صمصام ہند - ۶ - عماد ہند - ۷ - صوارم ہند - ۸ - پاداش اسلام بجواب خلعت الہنود
۹ - اصول دین احمد - بجواب اصول دین ہندو - ۱۰ - اندر بجر - بجواب سوط الجبار مولوی محمد علی صاحب

اور عالی طبیعت ہیں علم انگریزی و فارسی میں طاق اور طرز سخن میں شیخ ناسخ اور خواجہ وزیر کے پیرو شاگرد منشی شنکر دیال فرحت -

بہار رشتہ صد جا کی ہے زلف پریشاں میں
ہر آنسو چشم تر میں عکس ہے چشم تر ہی آنسو میں
وصل حاصل ہوا ہے بر سے سو ان باقی
کہ غم نہ سینہ بند کی جڑیا کو تھا مگر
جب زبان جاتے ہیں زخم کے منھ
اپنی حلقہ کو چھوڑا ہے میں گردش کن
چشم احول ہے وہ چندان زلف نظارہ
منزل اوس کی چلنے سے تھکا میں ناتوان
پڑی فرق سر سے ضرور اٹھائے نظر

عجب ہے جا کی گل ہو ہی کنگھی عشق بیجا میں
در غلطان صدف میں ہے صد دانے ہے در غلطان میں
دفتر عشق بتا نگی ہی یہ واصل باقی
بھولو نکا ہار او بجہ گیا گلدام ہو گیا
تیغ سے مانگ لیا کرتے ہیں
خال مرکز دورے پرکار خط کا ہو گئیں
اور چار آنکھیں ہوئیں جب چار آنکھیں ہو گئیں
قبر بیٹھی دو پٹہ سے دبانے کے لئے
اگر کو دیکھی اگر چشم ناف جانان سے

نہیں خضر گردش تلو کو چشم جانا عزیز
ہم اشک رو نہیں دو قطرہ مردم دیدہ
لکھی ہے ہجلی بجا ہمنے وصف دندان جاناں
نہیں معیوب ناک انکی نظر دو تسبیح زبانہ میں
واہ قسمت ہمنے صد کھائے ہیں ناک بنانی یہ زخم
نہ لیا بوسہ تیغ ابرو
باغ کی آب و ہوا ہوائی ہے صحت تخشر اگر
خاک زاہد سے اگر تسبیح کے دانہ بنیں
جو ہو نہیں شانہ کو تکلیف زلف پیچان سے
اوس بت کافر کی گر لو جا کر تنگی ہو ئیں

نگاہیں ہیں گھڑی اطفال ہند ات وہ جیو آئین
دریا خضر دوڑ و نوح کی کشتی ہی طوفان میں
نظر آتی فتن میں دہی جہا ہی دلوا ئین
بنا ہو حرف سا کن مطلع ابرو جانان کا
خط و گڑ ہا لیکن یہ آب تیغ سی تقدیر کا
ہم کہیں قدم پہ چڑھا کرتی ہیں
کس لئے نرگس کی بیمار آنکھیں ہو گئیں
ہولیں ہم زندہ او نگلی پر بچانے کے لئے
سنائی آ و صدائے شکست دندان سے
ہوں لیلے ڈہال ہے پہل خنجر فولاد سے

افگار - تخلص منشی اندر روپ پیشکار جلبہ رائے پردومن کشن آنریری مجسٹریٹ مراد آباد ان کا قطع تاریخ دیوان وقار مطبوعہ ۱۲۹۱ ہجری میں درج ہے -

اکبر - تخلص رام دین قوم گجراتی ابن بھگوان دین آدمی ذی لیاقت ہیں مگر مولد اور مسکن اونکا معلوم نہوا مندرجہ ذیل تاریخ ہائے جنگ روم و روس اونکی تصنیفات سے ہیں -

ترکون پہ آب ہے وقت تنگ روس سے	بیڈ سپاہی ہجان و دل پر عناد تہا	ائی صدائے غیب سے اکبر برا حال	ہی انتقام قہر کا قوم جہاد پر ۱۲ ۹۴ ھ

الیضاً صفحہ ۴ انجمن اخبار ۵ ستمبر اور مفرح القلوب ۲ دسمبر ۱۸۷۷ع سے

دیکھتی ہیں ابتک ہی اخبار وں میں لکھتے ہوے حال کی آتی ہی شرم	روسیوں نے روم کو غارت کیا ظلم ہی اسلام پہ یہ برملا	قتل کیئے مرد مسلمان تمام روح نبی نے یہ کہا بہر سال	عورتوں سی کرتے ہیں اونکی زنا خاتمہ روم بروے بیگاہ ۱۲۹۴ ھ

الیضاً

لو کانگدس سے صلح مطلب جہاں ہو گئے باقی تمام آیا تہ انتظام ہند	سب بادشاہ روے زمین دنگ ہو گئے اجا بشاہ ہند میں شکاں ہو گئے	اقلیم روم ٹکڑی ہوی حصہ ہو گئے الے خوشی سی اہل جہان واہ واہ ۱۲	سلطان ہند سپاہ سے سوا کام ان سے سلطان مطیع قیصر ہندوستان ہوئے

جنگ شپکا تاریخ ۵ ستمبر ۱۸۷۷ عیسوی

ہوئی جہادی میں ہو کر کی جنگ فلک نے یہ ہجری میں سال شکست	نظر روم کو آیا روز سیاہ کہا ہو گیا کار ترک اب تباہ ۱۲ ھ ۹۴

اول سے آخر تک ایک ہی قافیہ مین کتاب ختم ہے اور پھر لطف یہہ ہے کہ لطف شاعری ہاتھہ سے نہین جانے پایا یہہ چند شعر اوسکے دیباچہ سے منتخب ہین ۔

اوس ذات کی کیا کوئی کرے سیح ثنا
کرتی ہین مقامات مین بہی طرفہ مقالات

جسجا کہ نہین وہم تصور کی رسائی
منکر ہے کوئی کوئی مقر ہے بخدائی
گر وہم جنین ہو تو وہی نکلیگا باقی

ہر ایک نے نام اسکا رکہا اپنی زبان مین
ہے ٹہیک یہی منفرد ذات ہے اوسکی
جب آ فکر کا گئی قسم خرچ مین آئی

سیر مین ہی صورتین تفریق لگائی
پر اسکی صفت جز کل نہ بنائی

احقر ۔ تخلص بلدیو پرشاد ولد بہاسکہہ راے فرخ آبادی اور حال معلوم نہوا یہہ شعر اونکا ہے ۔

فراق یار مین اس رجہ ضعف و ناتوانی ہے | کہ ایدل سخت مشکل ہے بدلنا ہمکو کروٹ کا | اگر پاتین وہ کرتا تو دہن کا بہی پتا ملتا | کیا ثابت کمر کو اوس صنم باندہکہ پٹکا

اسد ۔ تخلص گردہاری لعل بن رام دیال کایتہ کہتری سری باستب ساکن ہرہٹہ ضلع آذام المد محکمہ کلکٹری لکہنؤ
انہونے سداماں چرتر کا سمت ۱۹۲۱ مین نظم ترجمہ کیا ہے اور منظومہ فرخ نام رکہا ہے یہہ چند شعر اون کے اوس سے منتخب کئے جاتی ہین جسے اونکی نازک خیالی و شیرین بیانی ثابت ہے ۔

کہ رہتا تہا سداماں ایک برہمن
زبس تہا بیسروبرگی کا ساماں

برنگ گل جہان سے پاکدامن
غبار آسا تہا خالی ہاتھہ ہر آن
یہانتک پیرہن سے تہا سبکبار

گلستان قناعت کا تہا وہ گل
سراپا شکل سوزن تہا وہ عریان
کہ رکہتا تہا فقط ایک تار زنار

بہار گلشن صبر و توکل
تعلق سے جہان کی پاکدامان

اشعار در صفت چشمہ

گوارا مثل آب زندگانی ؛ | کہ شکر شرم سے ہو جسکے پانی | غبار راہ سے دہویا بدن کو | اوتارا تن سے خاکی پیرہن کو

ارمان ۔ تخلص راجہ جنمی جی متر نبیرہ راجہ پتمبر متر شاگرد حافظ اکرام احمد ضیغم حوالی شہر کلکتہ مین بمقام سونتری رہتے ہین اونہون نے ایک تذکرہ بہی اردو کے شاعرون کا بنایا ہے یہہ دو شعر اوسکے ہین ۔

کام اپنا نہ کبہی تجہسے میری جان نکلا | تن سے جان نکلی مگر دلکا نہ ارمان نکلا | رات بہر نالہ کیا کرتا ہون گریہ دن کو | آہ حسرت کیا مین حقیقت مری اوقات کی

اظہر ۔ منشی جگناتہہ خلف منشی گردہاری لعل شاگرد منشی جواہر سنگہ صاحب جوہر تخلص پہلے چہاؤنی جکردتہ مین بعہدہ سب اورسیر ملازم تہے بعد سررشتہ تعلیم چرچ مشن اسکول لکہنؤ مین ملازم ہوکر وہین امتحان منشی لاہور یونیورسٹی کالج کا پاس کیا اور اب بہی لاہور مین ہی مقیم ہین اکثر شعر خوب کہتے ہین ۔

میرے سینہ مین ہوا میدان ابلیس کیطرح
نطق سے ہیر طبع سا مسعہ عاشق ہے طرح
چاہئی کب دلدار کی کیونکہ سو قسم

سر سودا ہے سر زلف حسینان کیطرح
شوخیان مضمون ہین ناز حسینان کیطرح
ہاوہ مضمون سے اوڑا جاتا ہی اظہر کا غذ

درس حسن شہطان ہی دیتا کیا ہے دیدۂ عشق
دلربا کہتا ہے نامہ کبوتر لائے
لتیان مین ہیں تنگ تا رتو سیب ان خنا زنخ

شاہدان طبع کو تعلیم نسوان کیطرح
جذبہ شوق نے پیدا کری خود کا غذ
اور باغ حسن کی کرو قرق گسترشی مری یاد

افق ۔ تخلص منشی دوارکا پرشاد لکہنوی خلف منشی پورن چند مالک مطبع و اخبار رہنمائی نوجوان خوش فکر

اونکی جو ہم ہونچے تہی درج تذکرہ کیئے گئے جن سے اونکی عاشق مزاجی اور نازک خیالی عیان ہے -

پوچھتے کیا ہو کہ شب آشفتہ کیونکر مر گیا / اور یہین باقی رہا تھا بندہ پرور مر گیا
جان دی عاشق نے تیرے شب کہ اک بار گیا / آدمی تھا آخرش صدمہ اوٹھا کر مر گیا
ہو جدائی مین بسر آشفتہ جینے سے تنگ / عشق ہی ہو گی اک نہ اک دن ہو کر تمام سر گیا
سمجھتا نہین ہے جو کہ ہے بیمار عشق کا / یارب نہ ہو کسیکو یہ آزار عشق کا
تیرا شکوہ کبھو لب پر نہ آیا / پہ تجھکو ہم سے کافر نہ بنایا
کو دعا کی ہی لیئے ہو دے خدا کا تو خیال / کیا بنی گی گر کبھی تو بدگمان ہو جائیگا
ہائے غیروں سے یہ کہنا سکا کیونکر آپ سے / مجکو مت چھیڑو کہین یہان آشفتہ آجائیگا
بالکل ہی اوسنے کہدیا یہ آزار عشق / کس طرف اپنی دیدۂ گریان کو کیا کہون
زلفون سے بھی یاد رخ نے دل لیا / کیا وجہ تہی سو تہی یہ مسکراتا کیا کہون
ایک آسکی دیکھنے نے کر دیا عالم کو قتل / یہ تیرا ابرو ہے یا عید الضحی کا چاند ہے
رکھا سر پانون پر اوسکے تو بولا / کہ تو بہی بے سر و پا کسقدر ہے
دم کا مہمان ہی اور آشفتہ / بیخبر تجھکو کچھ خبر بھی ہے

آشفتہ - تخلص پنڈت امرناتھ کشمیری شاگرد تنویر ایک مرد نوجوان وجیہہ اور خوش فکر ہین غدر سے پہلے تو دہلی مین رہتے تھے مگر اب لاہور مین کسی علاقہ پر ممتاز ہین کلام انکا بہت پاکیزہ اور ہر مضمون ہموار سنا گیا کہ انہون نے بہت کچھ کہا ہے مگر ہمکو جتنے اشعار اونکے ایک تذکرہ سے ملے وہ سب یہان لکھے جاتے ہین -

غیر ممکن ہے کہ چھوٹ جاوے یہ آشفتہ دل / حلقۂ دام بلا حلقۂ زلف یار کا
زخم مین دیدار جاتا انکا میسر ہو گیا / اپنا مرنا مجکو جینے کے برابر ہو گیا
کونسی روز رلایا نہ غم یار نے ہای / کون ہے روز مری چشم پہ دامان نہوا
تن پہ جب پنجۂ وحشت نے پہاڑا آنکا / تو دیا دشت جنون نے مجھے دامان اٹھا
اندنون تم جو ہو آشفتہ پریشان خاطر / کسنے ہوش آپکے کہوئے ہین ان ایام دل
بجلی مین ہے ادا اوسکی ہنسی کی ہی شرارت / اور ابر ہو نہ ہے مرے دیدۂ تر کا
آشفتہ بزم یار مین ساقی بنا ہے غیر / کیونکر نہ ہون کباب ہی ٹکڑے جگر شراب
کی ہوگی اونسے بادہ کشی ہم نے غیر مین / تلخی رہی جو میری زبان تمام رات
یاد آگئی جو جنبش ابرو تو کیا کہون / رگ کہلی گلی پہ رات کو بے اختیار تیغ
ہے سجدہ خاک پر شہیدون کے / چھینکتی کیون ہو فرش خواب کے پہول
درمان نہین ہے مرض محبت کا اے طبیب / جیتے حشر تک کبھی ہو دوا ہم سے نہ لگے
میرا بھی دل ہی زلف کو ہمیشہ گہو لئی / زلفونکی طرح دل ہی بجا ہے بچھ کہین
جنکی باعث سے انکی نظرون سے گری / اونکی کچھ بھی ہم نہ آئی دھیان مین
دیکھکر ہوگا اوس آفت جان کو گیا حال / جسکے دیکھی ہی بیتاب ہوا جاتا ہو دل
لگا یہ ہاتھ او عدو کی شب جانان لطف یار / جلائی آتش غم نے مرے دل کی تمنا کو
دلمین شیفتہ ہے تو ہونکا خیال / لب پہ باتین ہین پارسائی کی

آگہ - پنڈت جوالا ناتھ خلف وتا رام برہمن فارسی بہی کہتے ہین اور کلکتہ مین رہتے ہین -

جان جاتی ہی ترپتا ہون پڑا / دیکھتی کیا ہو تماشا کیا ہے
تیرا دیدار میسر ہووے / اس سوا اور تمنا کیا ہے

اثر - پنڈت نرنجن ناتھ لکھنوی اور حال معلوم نہوا یہہ شعر اونکے ہاتھ آئے ہین سو درج کیئے گئے -

گر رقم وصف قد موزون دلبر ہو گیا / طول اشعار مین آیا صنوبر ہو گیا
ہم اثر محروم قسمت کے سبب سے رہ گئے / اوس پری کا وصل غیرونکو میسر ہو گیا

احسن - تخلص منشی شیام سندر متوطن لکھنؤ شاگرد منشی دیا کرشن صاحب ریحان -

[illegible] ہر وقت قضا کہیلتی ہے / کالی ناگن ہی نہین یار کے گیسو
یار کی زلف کی تعریف لکھی کیا احسن / سنبل باغ جنان بھی ہی یہ بہتر گیسو

اصغر - تخلص منشی سیتل پرشاد نامی شعرای لکھنؤ سے تھے اونہون نے سریمد بھاگوت کی بارہوین سکند کا اردو منظوم ترجمہ کیا ہے

آذر - تخلص لالہ لچھمی نراین خلف لالہ ہر سکھہ راے قوم کایتھہ سکنہ سکندرہ ٹونک راقم تذکرہ کے رشتہ دارون سے ہین اور اونہون نے اصلاح مولوی سعید احمد سعد تخلص سے لی ہی اور کبھی کبھی بندہ کو بھی اپنا کلام دکھلایا ہی

شور و غوغا ہی عشق کا ... نہین
...لف بیچا لگا ہے مجھے سوچ جب دل
محبت مین تعشق ہندو مسلمان کا خیال
تصویر ...
...یا کرین کچھ اگر تری غنچہ لب

ہای ملامت دل پر نالہ و شیون نہین
ایک ہی تار گریبان مین گر دم نہین
عشق مین رہتا نہین ہے دین و ایمان کا
مین ہون مشتاق تیری خندہ گفتار کا
کمر اونکی نظر نہین آتی

چارہ گر کیسے مرے زخمون کو رفو ...
تیری تیغ ابرو کی اپنا ہی ظالم
نامہ شوق ایک دم فرقت ہے
کہین بیٹھہ جاتی بنیاد گردون
کچھ عدم کی خبر نہین آتی

جو مجھے چاہیے لذت ہی نہین
ہوی نہچان نوجوان کیسے کیسے
ہوش اوڑ جائے گا کبوتر کا
کر انشکون سے طوفان اٹھا چاہتا ہے

آذر - تخلص پنڈت جوالا پرشاد برجباشی ولد منشی پنڈت کشن چند ابن کشنچند بن جیتا من خلف آتما رام قوم برہمن کشمیری سمت ١٩٢٠ مین بکیٹھہ باشی ہوئے عرصہ تک متھرا کے کوتوال اور تحصیلدار رہے تھی اور پھر دنیا کو چھوڑ کر خطہ برج مین گوشہ پکڑ بیٹھے تھی - کہتے ہین کہ اونکو حبس نفس اور مشاغل تصفیہ قلب سے روشن ضمیری حاصل ہوگئی تھی چنانچہ اونہون نے اپنے مرنیکی ساعت اور تاریخ پہلے سے بتادی تہی وہ شاعر بہی تہے اور اردو فارسی مین شعر کہتے تھی فارسی کلام تو اونکا تذکرہ معیار الشعراے ہنود مین درج ہو چکا ہی اور اردو یہہ ہے

رباعی

دنیا مین غم و عبث سے چھوٹے | عقبی مین بہ بے حسابی سے چھوٹے
ہر چار طرف کی شگفتے وہم و خیال | ہم عشق مین فکر شش جہت سے چھوٹے

آرام - تخلص کھن لال قوم کایتھہ باشندہ دہلی ایک مرد زکی ہین اور یہہ شعر اونکی افکار نادر سے ہی -

ہم جو مجھ سے کہتے ہو نہ تو یار سے مل | اوسکو سمجھاؤ ذرا یہہ نہ اغیار سے مل

آرام - تخلص پریم ناتھہ راے کہتری باشندہ دہلی تیراندازی و خوشنویسی مین اچھا دخل رکھتے تھی اور صاحب دیوان گزرے ہین یہہ شعر اونکا ہی

خون آنکہون سے نکلتا ہی رہا | دل کا فوارہ اوچہلتا ہی رہا

آزار - تخلص رام سنگہ باشندہ دہلی جو بعد تحصیل علم اندھے ہوگئے تھی مگر فن شعر مین بڑی مہارت رکھتے تھے چنانچہ یہہ شعر اونکا اونکی روشن سوادی علم شعر پر دال ہے -

اندنون یار تری طرز تکلم اور ہے | طور چشمک اور ہے وضع تبسم اور ہے

آزار - تخلص لالہ جوالا پرشاد فرخ آبادی ال متھرا -

منغص کس لئے بیٹھے ہو دل کیا کدورت ہے | اجی یک جام مے صاحب مرا خاطر لیا ...

آسان - تخلص لالہ سہج رام باشندہ الہ آبادی بہ سعداد شاعر دن تہی مگر انکو سواے اس شعر کے اور کوئی کلام اونکا نہین ملتا

مرنیکے بعد یہہ حسرت آنکھین جو رہ گئی وا رہ گئین | مجکو تو کچھ خبر نہین کسکا یہ انتظار تھا

آشفتہ - تخلص گلاب سنگہ کہتری شاہجہان آبادی عین عالم شباب اور ایام نوخاستگی مین خنجر عشق کے ...ہیت تھے آخر اسی مرض لاعلاج مین اپنا سر کاٹ کر مرگئے مرزا قادر بخش صابر تخلص شاہزادہ دہلی اپنی کتاب گلستان سخن مین لکھتے ہین کہ اونکی مرگ کو چھبیس ٢٦ برس گزرے گر ابتک دلون پر وہ صدمہ تازہ ہے یہہ چند شعر

جوہر فرحت وقار اور وہبی وغیرہ کے دلکش اور دلپسند شعرون کو سُنکر داد دیگا ہم اس بیان کو زیادہ طول دینا نہین چاہتے ناظرین آگے چلکر خود دیکھہ لینگے کیونکہ مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید ہان اتنا ضرور ہے کہ مسلمانون کی بہ نسبت ہماری قوم مین عمدہ شاعرون کی تعداد کم ہے سبب اسکا یہہ ہے کہ پچاس برس اوّل تو ہماری قوم کے لوگ معاش کی ضرورت سے اُردو کی بہ نسبت فارسی کو زیادہ پسند کرتے تھے اور اب انگریزی بہت پسند کرتے ہین پس اُردو کی شاعری جسقدر ان پچاس برسون مین ہم لوگون کے اندر مروج ہوئی گو کافی نہتی پر اسقدر تو ضرور تھی کہ پچاس برس اوّل جو مسلمانون کا خیال ہندؤن کی اُردو شاعری اور زباندانی کی نسبت تھا وہ اوس سے بہت کچھہ بدل گیا تھا یا تو ایک وہ دن تھا کہ انشا اللہ خان نے اپنی کتاب مین ہندؤن کے کلام کو خالی از فصاحت لکھا ایکدن ایسا آیا کہ مرزا غالب جیسے اوستاد مسلم الثبوت نے پنڈت دیا شنکر کی مثنوی گلزار نسیم کو بلاغت کہا اور نسیم کے بعد جو نامی ہندو شاعر ہوے وہ فصیح بھی تھے اور بلیغ بھی۔

اس مجموعہ مین پانسو اکیس شاعرون کا کلام ہے گو قیاس چاہتا ہی کہ یہہ تعداد باعتبار کثرت اور لیاقت علم و فضل ہندؤن کے جو آج دیکھنے مین آتی ہے بہت کم ہے کیونکہ اس سے زیادہ تو اسوقت ہندو شاعر موجود ہون گے لیکن جب صرف اسقدر کی محنت تلاش اور دشوار یابی پر خیال آتا ہے تو بے اختیار یہہ شعر زبان حال سے نکل جاتا ہے ؎ یون لا اوسکی گوچہ سے دل ڈھونڈھکر اپنا دیکھا جہان پڑا کوئی ٹکڑا اوٹھا لیا ہر شاعر کے خاندانی حالات اور اوسکی تصنیفات کی تحقیقات جہانتک ممکن تھا کی گئی اور پھر بھی جو باقی رہگئی وہ باقی ہے بشرط دریافت طبع ثانی مین شامل کردی جایگی۔ اخیر مین ہم اون علم دوست محض خیر اور سراپا کرم اشخاص کے نام کہ جنھون نے اس نسخہ خود پیراکی تالیف مین لاثانی اور بیش بہا مدد دیہی بکمال شکرگذاری لکھتے ہین اور اس دیباچہ کو اون کے ذکر خیر پر ختم کرتے ہین اور وہ نام نامی یہہ ہین — منشی درگا پرشاد صاحب نادر قوم کہتری سکنہ دہلی منشی کیول رام صاحب ہشیار قوم کایتھہ مدرس مدرسہ چاندپور۔ منشی رائے جواہر سنگہ صاحب جوہر لکھنوی۔ منشی گوکل پرشاد صاحب رسا باشندہ کانپور۔ لالہ لال بہادر صاحب زخمی سکنۂ کانپور۔ منشی اندرمن صاحب مرادآباد۔ ٹھاکر گلاب سنگہ صاحب مشتاق اور سیر نہر جمن۔ منشی شنکر دیال صاحب فرحت لکھنوی۔ منشی دیوکی نندن صاحب ہنر باشندۂ الہ آباد۔ منشی لچھمی نراین صاحب آذر سکنۂ ٹونک۔ پنڈت بشیشر ناتھہ صاحب بصیر دہلوی۔ پنڈت جانکی ناتھہ صاحب ناظم محکمۂ اپیل ریاست جودہ پور۔

آثم	تخلص لالہ رگھبر دیال باشندۂ متھرا اور حال معلوم نہین یہہ شعر اوسکا ہے۔
۱	اگر تیری طرح گلشن مین گر میرا صبا ہوتا ‖ گلا ہر شخص کے ... توڑ دیتی ہاتھہ گلچین کے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بلبل شیراز پرا ترانہ آشنا گلستان
گو زبان فارسی شیرین مثال قند ہے

ہین بلا کی طوطیان ہند بہی شیوا زبان
پر جو ہندی مین نمک ریزی ہے وہ اوسمین کہان

شائقین سخن کو مژدہ ہو کہ یہہ **دوسرا حصہ تذکرۃ الشعرای ہنود** کا اونکی خدمتمین پیش کیا جاتا ہی اور مؤلف کا مقصد اسکی تالیف سی سوای بقای نام ابنای جنس کے اور کچھہ نہین ہے ہندؤنکی فارسی شاعری کا احوال تو **اوّل حصّہ** مین حوالہ قلم ہو چکا ہے اور اس جلد مین اونکی اردو شاعری کا بیان ہے اوّل اردو شاعر ہندؤن مین منشی ولی رام ولی تخلص قوم کایتھہ ہوئے ہین یہہ حضرت شاہجہان بادشاہ کے عہد مین تہے اونکے بعد رای انند رام مخلص اور مہاراجہ رام نراین موزون نے اس شاعری کو کچھہ وسعت دی مگر جو ترقی اور سرسبزی اوسکی رای سرب سکھہ دیوانہ اور کاکاجی پروانہ کی ذات سی ہوئی وہ بہت عجیب اور لاثانی تھی کیونکہ رای سرب سکھہ دیوانہ نے تو اپنی اوستادی سے اسکی اثر کو بذریعہ اپنے شاگردون کے کہ ازانجملہ ایک جعفر علی حسرت میان قلندر بخش جرأت کے اوستاد تھے دور دور پہونچایا اور کاکاجی پروانہ نے اپنی قدردانی اور فیاضی سے اوسکی مربّی گری کی پھر تو یہانتک نوبت پہونچی کہ اسکا جابجا رواج ہو گیا اور دلّی و لکھنؤ دو بڑے مرکز اوسکے قرار پائے جہان بادشاہون کی سرپرستی اور صلہ بخشی سے بڑے بڑے اوستاد اہل زبان پیدا ہوئے جنکی سحر طرازی اور نکتہ پردازی سے اردو کی شاعری نے وہ فروغ پایا کہ تمام ہندوستان مین اوسکا آفتاب اوج اقبال پر چمک رہا ہی اور گانون تک کے لوگ مثل ذرون کے اوسکے جمال باکمال اور نور لایزال سے فیض پائے ہوئے ہین چنانچہ آج صرف ہندون مین بہت ایسے شاعر شیوا زبان موجود ہین کہ جنکی شاعری کو ہندو اور مسلمان دونو پسند کرتے ہین بہلا کون ایسا ہوگا جو بصیر

نمبر عام	نمبر حرف	نمبر صفحہ	تخلص	نام	ولدیت	قومیت	سکونت	زمانہ	تصنیفات	تعداد اشعار	کیفیت
۵۱۲	۱۶	۱۴۱	ولی	ولی رام	.	کایتھ	دھلی	۵ سنہ ہجری	-	۲	
۵۱۳	۱	۱۴۴	ہرچند	ہرچند کنور	نبیرہ راجہ جگل کشور	.	دھلی		دیوان ہرچند	۳۰	
۵۱۴	۲	۱۴۵	ہمت	لالہ آنند من	سیتارام	.	بہالی	.		۱	
۵۱۵	۳	۱۴۵	ہمت	بنسی دھر	.	کایتھ سکسینہ	لکھنؤ	حی القایم	داسوختن	۹	
۵۱۶	۴	۱۴۵	ہنر	بابو دیوکی نندن	.	.	الہ آباد	ایضاً	-	۳	
۵۱۷	۵	۱۴۵	ہندی	رائے لالہ کنہیا لال اکزیکٹیو انجنیر بہادر	.	.	لاہور	ایضاً	گلزار ہندی بندگی نامہ یادگار ہندی تحقیقات یا اخلاق ہندی وغیرہ	۵	
۵۱۸	۶	۱۴۵	ہوس	سوبہار لال	.	.	میرٹھ	-		۵	
۵۱۹	۷	۱۴۶	ہوش	منشی لگن رام	.	.	.	.	دیوان	۳	
۵۲۰	۸	۱۴۶	ہوشیار	منشی گرو رام	منشی سکھ لال	کایتھ سکسینہ	دھلی	چاندپور بجنور	قریب اسی کتب	۳	
۵۲۱	۹	۱۴۶		ہیرا لال	.	.	میرٹھ	ناظر سب جج کورٹ میرٹھ	-	۳	
۵۲۲	۱	۱۴۶	یاد	لالہ کاشی رام	.	.	بہالی	شاہجہانپور مین رہین	.	۱	
۵۲۳	۲	۱۴۶	یاس	تلکہ رائے	رائے لکھمی پرشاد		.	.	.	۱	
۵۲۴	۳	۱۴۷	یقین	لالہ بلدیو سنگھ	-	.	دہلی	.	.	۲	

نمبر شمار	نمبر ردیف	نمبر صفحہ	تخلص	نام	ولدیت	قومیت	سکونت	زمانہ	تصنیفات	تعداد اشعار	کیفیت
۴۹۱	۳۰	۱۳۴	نور	بنسی دھر	لالہ چھتر چند	بقال	پورہ ضلع سہارنپور	دہلی میں ہیں	.	۳	
۴۹۲	۳۱	۱۳۵	نہال	لالہ جنیدی سہائے	راجہ جیالال	.	میرٹھ	.	.	۱	
۴۹۳	۳۲	۱۳۵		نہال چند	.	.	لاہور	.	گل بکاولی اردو	۴	
۴۹۴	۳۳	۱۳۵	نباض	لالہ راجا رام	جگناتھ	.	بھگونت نگر	.	.	۱	
۴۹۵	۳۴	۱۳۵	نیسان	ماتا پرشاد	پورن چند	کایتھ سکسینہ	لکھنؤ	حی القائم	فسانہ عجائب نظم	۷	
۴۹۶	۳۵	۱۳۵		نیم چند	.	.	.	.	گل و صنوبر نظم	۲	
۴۹۷	۱	۱۳۵	وصف	لالہ لال سنگھ	.	.	میرٹھ	.	.	۱	
۴۹۸	۲	۱۳۵	واصف	لال سنگھ	.	ٹھاکر	.	روڑکی میں ہیں	.	۵	
۴۹۹	۳	۱۳۵	واصل	درگا پرشاد	گنگا پرشاد	.	کول	فتحگڈھ میں ہیں	.	۱	
۵۰۰	۴	۱۳۶	وال	.	.	.	فیض آباد		.	۲	
۵۰۱	۵	۱۳۶	وحدت	جمعیت رائے	.	کایتھ	میرٹھ	.	.	۱	
۵۰۲	۶	۱۳۶	وحشی	بشمبر ناتھ	گوپی ناتھ	.	دہلی	.	.	۱	
۵۰۳	۷	۱۳۶	وحشی	لالہ کنہیا لال	منگل سین	کایتھ	دہلی	ملازم ریل ہیں	.	۱	ہیں حکیم سکھانند رقم کی داماد
۵۰۴	۸	۱۳۶	وحشی	پنڈت بشمبر ناتھ	بیتیشر ناتھ	کشمیری	دہلی	سانبھر میں ہیں	.	۳	
۵۰۵	۹	۱۳۶	وسعت	بنسی دھر	ہولچند	.	.	.	.	۱	
۵۰۶	۱۰	۱۳۶	ومقی	رائے سیوا رام	دیبی پرشاد	کایتھ سکسینہ	لکھنؤ	.	.	۳	
۵۰۷	۱۱	۱۳۶	وفا	راجہ نول رائے	.	کایتھ سکسینہ	.	انجہانی	دیوان	۲	نائب نواب صفدر جنگ سمت ۱۲۰۶ میں روہیلوں کی لڑائی میں کام آئے
۵۰۸	۱۲	۱۳۷	وفا	شنکر لال	.	.	الہ آباد	.	.	۲	
۵۰۹	۱۳	۱۳۷	وقار	بختے نوندہ رائے	.	کایتھ سکسینہ	لکھنؤ	حی القائم	چند کتب	۲۰	
۵۱۰	۱۴	۱۳۷	وقار	راجہ کشن کمار	برج کشن	کایتھ سری باستو	مرادآباد	ایضاً	دیوان	۲۵	رئیس اور بڑے آدمی ہیں
۵۱۱	۱۵	۱۴۱	وہبی	منشی گنگا پرشاد	سوبھا رام واصفی	کایتھ سکسینہ	لکھنؤ	منیجر اودھ اخبار ہیں	کلیات وہبی، ۶ قسم مرقع اور زیب	۴۹۹	

کیفیت	تعداد اشعار	تصنیفات	زمانہ	سکونت	قومیت	ولدیت	نام	تخلص	[illegible]	[illegible]	[illegible]
	۲	.	.	-	کھتری	.	سنو لال	نازؔ	۱۳۰	٦	۴٦…
	۱	.	.	بوڈل	برہمن		چھاجو رام	ناصح	۱۳۰	۷	۴٦…
	۱	.	.	.	.	لالہ لالجی	جگناتھ	ناطق	۱۳۰	۸	۴٦…
	۵	.	.	لکھنو	کشمیری	نانک چند	پنڈت شو پرشاد	ناظم	۱۳۰	۹	۴٧…
	۱	.	.	شمس آباد	.	چھوٹے لال	درگا پرشاد	ناظم	۱۳۰	۱۰	۴٧…
	۱	.	بہرت پور میں ہیں	لکھنو	کشمیری	بدری ناتھ	کاشی پرشاد	ناظم	۱۳۰	۱۱	۴٧…
	،	.	دہلی میں ہیں	پوہانہ	مہاجن	موہن لال	دولا رائے	نالان	۱۳۰	۱۲	۴٧…
	۱	.	.	دہلی	کھتری	.	سنو لال	نالان	۱۳۰	۱۳	۴٧…
	۱	.	.	دہلی	کایتھ	.	لالہ موہن لال	نامی	۱۳۰	۱۴	۴٧…
	۲	.	اپنے وطن میں ہیں	دہلی	کھتری	نہال چند	منشی بدری داس	نامی	۱۳۰	۱۵	۴٧…
	۱۰	دیوان اردو فارسی	انجہانی	الہ آباد	کایتھ	منشی سیتل پرشاد	منشی سدا سکھ	نثار	۱۳۱	۱٦	۴٧…
	۱	.	فتح گڈھ میں ہیں	آراولی ضلع مین پوری	۱	رام سروپ	شنکر سروپ	نجات	۱۳۱	۱۷	۴٧…
	۲	.	.	شاہ آباد	.	.	رگھناتھ پرشاد	نسبت	۱۳۱	۱۸	۴٧…
ناظر دربار شاہی تھے	۳	.	انجہانی	دہلی	.	راجہ مہاراجہ بہادر	کنور ناتھ بہادر مرزا راجہ	نسیم	۱۳۱	۱۹	۴۸…
	۷	.	.	اکبر آباد	.		پنڈت برج ناتھ	نسیم	۱۳۱	۲۰	۴۸…
	۵۳	مثنوی گلزار نسیم	انجہانی	لکھنو	کشمیری	گنگا پرشاد	پنڈت دیا شنکر	نسیم	۱۳۲	۲۱	۴۸…
	۱۳		انجہانی	دہلی	کایتھ	سندر داس	ایسر سنگھ	نشاط	۱۳۳	۲۲	۴۸…
	۱	.	.	فرخ آباد	.	پرشاد اکبری	لالہ اجودھیا پرشاد	نشاط	۱۳۳	۲۳	۴۸…
	۱	.	انجہانی	حیدر آباد	.	.	.	نشاط	۱۳۴	۲۴	۴۸…
	۳	.	.	.	.	.	بالو گوبند سہائے	نشاط	۱۳۴	۲۵	۴۸…
	۱	.	انجہانی	دہلی	کایتھ	.	لالہ گوبند رائے	نصرت	۱۳۴	۲٦	۴۸…
	۱	.	داروغہ توپخانہ راجہ سمتھر میں	.	.	بدھ سنگھ	ارجن سنگھ	نصیر	۱۳۴	۲۷	۴۸…
	۱	.	.	.	.	.	پنڈت بسنت رائے	نظیر	۱۳۴	۲۸	۴۸…
منشی رام سہائے تمنا کی بیاض میں ہیں	.	.	حی القائم	لکھنو	کایتھ سکسینہ	.	منشی ماتا پرشاد	نکہت	۱۳۴	۲۹	۴۹۰

نمبر مسلسل	نمبر ردیف	صفحہ	تخلص	نام	ولدیت	قومیت	سکونت	زمانہ	تصنیفات	تعداد اشعار	کیفیت
۴۴۵	۴۸	۱۲۳	منشی	عجائب رام	.	.	مرشدآباد	آنجہانی	.	۱	
۴۴۶	۴۹	۱۲۳	منشی	مول چند	.	کایستھ ماتھر	دھلی	ایضاً	دیوان و شاہنامہ	۱۸	
۴۴۷	۵۰	۱۲۴	منشی	بنایک پرشاد	.	.	بنارس	سررشتہ دار سول جج لکھنو میں	.	۴	
۴۴۸	۵۱	۱۲۴	منشی	کرشن لال	.	کایستھ سکسینہ	الہ آباد	حی القائم	.	۳	
۴۴۹	۵۲	۱۲۴	منعم	موہن لال	.	.	.	.	.	۲	شاگرد شاہ نصیر
۴۵۰	۵۳	۱۲۴	منعم	مکند لال	.	کایستھ	دھلی	.	.	۱	
۴۵۱	۵۴	۱۲۴	موجد	منشی کالکا پرشاد	بھگوان داس	کایستھ	لکھنو	۱۲۶۹ھ میں قضا کی	.	۲	
۴۵۲	۵۵	۱۲۵	موجی	موجی رام	دیوان حیرت	کایستھ سری باستو	لکھنو	آنجہانی	دو دیوان اردو و فارسی	۹	
۴۵۳	۵۶	۱۲۵	موزون	مہاراجہ رام نرائن	.	کایستھ	عظیم آباد	ایضاً	دیوان فارسی	۱	ناظم عظیم آباد تھے
۴۵۴	۵۷	۱۲۵	موزون	چھتر سنگھ	نبیرہ منشی ساہو رام صاحب [illegible]	کایستھ	دھلی	آنجہانی	.	۱	
۴۵۵	۵۸	۱۲۶	موہن	پنڈت موہن لال	.	برہمن [illegible]	.	.	.	۱	
۴۵۶	۵۹	۱۲۶	مہاراج	راجہ بلاس رائے	.	.	.	.	.	۱	دیوان نواب حشمت خان کے تھے
۴۵۷	۶۰	۱۲۶	مہجور	منشی شیو پرشاد	.	کشمیری	دھلی	آنجہانی	.	۱۷	میر منشی ایجنٹی راجپوتانہ
۴۵۸	۶۱	۱۲۶	مہجور	رای ملا چند	.	.	مرہٹہ	.	.	-	
۴۵۹	۶۲	۱۲۶	مہجور	منشی جواہر لال	.	.	.	.	.	۲	
۴۶۰	۶۳	۱۲۶	مہر	مہر چند	.	.	فرخ آباد	.	.	۱	
۴۶۱	۶۴	۱۲۶	مے نوش	منشی شیو سہائے	منشی دیبی پرشاد عزیز	.	.	.	.	۴	
۴۶۲	۱	۱۲۷	ناتوان	منشی ستارام	لکھپت رائے	کھتری	دھلی	آنجہانی	چند مذہبی کتب کا ترجمہ اردو نظم میں و سنگھاسن بتیسی کا ترجمہ	۶	
۴۶۳	۲	۱۲۷	نادان	منشی کالکا پرشاد	دیوی لال	کایستھ سکسینہ	دادو گنج ضلع ایٹہ	گوالیار میں ہے	مجنس کرامات، بے نقط ہفت گل، بہارستان نادان	۲	
۴۶۴	۳	۱۲۸	نادر	منشی درگا پرشاد	منشی رام نرائن	کھتری	دھلی	اپنی وطن میں ہیں	قریب پچاس سال ہٹ تسخیر جنات لطیفہ وغیرہ	۱۲	
۴۶۵	۴	۱۲۹	نادر	گنگا سنگھ	.	.	لکھنو	.	.	۱	
۴۶۶	۵	۱۲۹	نادم	رام دیال	سیدی لال	.	آگرہ	آنجہانی	.	-	برادر منشی میڈو لال زار

			تخلص	نام	ولدیت	قومیت	سکونت	زمانہ	تصنیفات	تعداد اشعار	کیفیت
۴۲۲	۲۵	۱۲۰	مشتاق	منشی رام غلام	.	.	سکندری	.	.	۲	
۴۲۳	۲۶	۱۲۱	مشتاق	لالہ بہاری لال	دل سکھ رائے	.	فتحگڈھ	.	.	۴	
۴۲۴	۲۷	۱۲۱	مشتاق	لالہ بھگوان لال	سنتو بہاری لال	.	دھلی	راقم اکمل الاخبار	.	۳	
۴۲۵	۲۸	۱۲۱	مشتاق	لالہ ... لال	.	کایتھ سکسینہ	سہسوان	بھائی	.	۵	نواب امیر خان والی ٹونک کے نوکر تھے۔
۴۲۶	۲۹	۱۲۱	مشتاق	گلاب سنگھ	.	ٹھاکر	بسواڑہ اودھ	ملازم مہاراجہ جہان ہیں	.	۹	
۴۲۷	۳۰	۱۲۱	مشہور	پنڈت رادھا کشن	.	کشمیری	دھلی	.	.	۳	
۴۲۸	۳۱	۱۲۱	مشہور	.	.	کایتھ	بریلی	.	.	۱	
۴۲۹	۳۲	۱۲۱	مشفق	راجہ جادو کشن بہادر	.	.	.	.	.	۲	
۴۳۰	۳۳	۱۲۱	مصاحب	پنڈت مصاحب رام	روپ چند	.	دھلے	.	.	۱	
